CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 18 | جمعرات 27 مارچ 2025ء 26 رمضان المبارک 1446ھ | 4 صفحات | قیمت 10 روپے | شمارہ 86

قرضوں کا خاتمہ اور معاشی استحکام کیلئے لمبی جدوجہد کرتے رہے تو پاکستان ضرور ترقی کریگا

وزیراعظم شہباز شریف

ملک کو معاشی استحکام کی منزل سے ہمکنار کرنا ایک لمبی جدوجہد ہے لیکن انتھک محنت اور لگن سے کام کرتے رہے تو پاکستان ضرور ترقی کرے گا

آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کا اسٹاف لیول معاہدہ ہوگیا ہے، دن رات کی محنت اور ایک ٹیم ورک کے نتیجے میں کامیابی حاصل ہوئی

آئی ایم ایف معاہدوں سے متعلق اغیار کے اوچھے ہتھکنڈوں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، حکومت کی ان تھک محنت سے اتنا جلد یہ ہدف حاصل ہوا

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ ملک سے قرضوں کو ختم کرنا اور ترقی کا راستہ بنانا ہے، ملک کو معاشی استحکام کی منزل سے ہمکنار کرنا ایک لمبی جدوجہد ہے لیکن انتھک محنت اور لگن سے کام کرتے رہے تو پاکستان ضرور ترقی کرے گا۔ وفاقی کابینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

بجلی سستی کرنے کی درخواست، نیپرا کا بجلی کی کھپت میں کمی پر اظہار تشویش

ایل این جی کے نرخوں میں کمی ہونے سے بجلی کی قیمت کم ہو رہی ہے، سی پی پی اے

اسلام آباد (این این آئی) سی پی پی اے نے فی یونٹ بجلی 30 پیسے سستی کرنے کی درخواست کر دی۔ قرضوں کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پی ٹی آئی رہنماؤں کو طلب کرنیوالی جے آئی ٹی چیلنج

جے آئی ٹی تشکیل کا نوٹیفکیشن سیکشن 0 3 کے بھی منافی ہے، وکیل

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنماؤں کو طلب کرنے والی جے آئی ٹی کو چیلنج کر دیا گیا، جس پر عدالت نے فریقین کو نوٹسز جاری کر دیے۔ تحریک انصاف کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

وزیر خارجہ، سینیٹر محمد اسحاق ڈار پاکستان مائننگ انویسٹمنٹ فورم کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موسمیاتی حالات کی شدت کے باعث غذائی تحفظ کے سنگین مسائل ہیں، عالمی بینک

کم آمدنی والے 79 فیصد ممالک میں خوراک کی قیمتوں میں 5 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے

اناج اور برآمدی قیمتوں کے اشاریوں میں بالترتیب 8، 4 اور 11 فیصد کی کمی آئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں خوراک کی کمی اور موسمیاتی حالات کی شدت کے باعث غذائی تحفظ کے حوالہ سے سنگین مسائل سامنے آرہے ہیں اور خاص طور پر کم آمدنی والے ممالک میں خوراک کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے اور دنیا بھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وزیر ریلوے حنیف عباسی کا کوئٹہ ریلوے سٹیشن کا دورہ

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کوئٹہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور مختلف ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معاہدے کی حتمی منظوری آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ دے گا جس کے بعد پاکستان کو توسیعی فنڈ فیسلیٹی کے تحت 1 ارب ڈالر فراہم کیے جائیں گے

آئی ایم ایف مذاکرات کامیاب

1 ارب ڈالر کا اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا

توانائی کے شعبے کی اصلاحات کیلئے بھی پاکستان کی کوششوں کی حمایت کریں گے اعلامیہ کے مطابق یہ معاہدہ پاکستان کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے جس کے تحت نہ صرف معیشت کی بحالی کو ممکن بنایا جا سکتا ہے

مالیاتی خودمختاری کے اہداف بھی حاصل کیے جا سکیں گے قرض پروگرام پر عملدرآمد سے توانائی کے نرخوں میں کمی آسکے گی، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے بچنے کیلئے نیا قرض پروگرام معاون ثابت ہوگا

پاکستان کو پانی کے استعمال کو موثر اور بہتر بنانے کی ضرورت ہے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے اہداف حاصل کئے گئے یکم جولائی 2025 سے زرعی آمدن پر انکم ٹیکس کی وصولی یقینی بنانا ہوگی

اسلام آباد (آئی پی ایس) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان مذاکرات کامیاب ہو گئے جس کے بعد 2 ارب ڈالر قرض کا اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا ہے اعلامیہ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان پہلے جائزے کیلئے اسٹاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسرائیل کے غزہ پر حملے جاری، چوبیس گھنٹے میں مزید 37 معصوم فلسطینی شہید

مقبوضہ مغربی کنارے میں بھی اسرائیلی مظالم جاری ہیں، اسرائیلی دہشتگرد مقبوضہ مغربی کنارے میں ایمبولینس روک کر ہسپتال عملے پر تشدد کرتے رہے

غزہ میں شہادتوں کی مجموعی تعداد 50 ہزار 144 ہوگئی، جبکہ 1 لاکھ 13 ہزار 704 فلسطینی زخمی ہیں، عرب میڈیا

غزہ: (آئی پی ایس) اہل غزہ پر چھائے صیہونی دہشتگردی کے خونی بادل چھٹ نہ سکے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیل کے حالیہ دہشتگردانہ حملوں میں چوبیس گھنٹے میں مزید 37 معصوم فلسطینی لقمہ اجل بن گئے۔ صیہونی فورسز کے حالیہ دہشتگردانہ حملوں میں 270 سے زائد بچے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

قومی ایئرلائن پی آئی اے کی نجکاری کا عمل تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کی نجکاری کمیٹی نے قومی ایئرلائن کے 51 فیصد شیئرز فروخت کرنے کیلئے نجکاری کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

الیکشن کمیشن نے 24 اراکین اسمبلی کو نااہل قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے مالی سال 23-2022 کے اثاثے اور گوشواروں کی تفصیلات نہ جمع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

دہشتگردی کے خاتمے و امن و امان کی بحالی کیلئے صوبائی ایکشن پلان تیار

دہشتگردوں کو سزائیں دینے کیلئے ریاستی اداروں کی استعداد کو نمایاں کیا جائیگا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خاتمے اور امن و امان کی بحالی کیلئے صوبائی ایکشن پلان تیار کر لیا گیا۔ بدھ کو وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

فیسلیٹیشن آن ویلز ٹریفک پولیس کی قابل تحسین سروس ہے، طلال چودھری

مقصد شہریوں کو ویلیز پر ڈرائیونگ لائسنس فراہم کرنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ فیسلیٹیشن آن ویلز ٹریفک پولیس کی قابل تحسین سروس ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں فیسلیٹیشن آن ویلز سروس کے معائنہ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے طلال چودھری نے کہا کہ سروس وفاقی وزیر داخلہ محسن رضا نقوی کے ویژن کے تحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

موجودہ لیڈرشپ کے ہوتے عمران کی رہائی کی امید نہیں، فواد چودھری

پہلے ایک عثمان بزدار اب کئی شامل کر لیے، سابق وزیر

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ موجودہ لیڈرشپ کے ہوتے عمران کی رہائی میں کامیابی کی امید نہیں، پی ٹی آئی کی سینئر لیڈرشپ سے سیاست چھڑوائی گئی، اب صرف عمران خان اور لوگ ہیں، لوگ پی ٹی آئی کی موجودہ لیڈرشپ کو نہیں جانتے، موجودہ لیڈرشپ کا کینڈی شاپ جانے والے بچوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسپیکر قومی اسمبلی کا نویدا کبر کے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

نویدا کبر کے والد گرامی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے

اسلام آباد (پارلیمانی رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آج نیوز سے وابستہ سینئر پارلیمانی صحافی اور پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن (پی آر اے) کے سیکرٹری، نوید اکبر کے والد گرامی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اپنے جاری تعزیتی پیغام میں نوید اکبر اور ان کے اہلخانہ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

حکومت بلوچستان میں سختی کے بجائے مسائل حل کرے، لیاقت بلوچ

عوام کی اکثریت ریاست نہیں بلکہ کرپٹ اور عوام دشمن نظام کے خلاف ہیں

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان میں سختی کے بجائے مسائل کے حل پر توجہ دے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں عوام کی اکثریت ریاست کے خلاف نہیں بلکہ کرپٹ اور عوام دشمن نظام کے خلاف ہیں۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قومی ایکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ملک میں بجلی سستی کرنے کیلئے اقدامات کیے جائینگے، وزارت خزانہ کا بیان

کابینہ نے سولر نیٹ میٹرنگ صارفین سے متعلق نئی پالیسی منظور نہیں کی، کابینہ نے ہدایت جاری کی ہے کہ اس پالیسی پر دوبارہ غور کیا جائے

نئی پالیسی کے تحت سولر نیٹ میٹرنگ صارفین سے حکومت نے 10 روپے فی یونٹ بجلی خریدنی تھی، پالیسی پر غور و فکر کے بعد اس کو دوبارہ بنایا جائے گا

اسلام آباد: (آئی پی ایس) حکومت سولر صارفین سے بجلی خریدنے کی قیمتوں کو کم کرنے سے پیچھے ہٹ گئی۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ کابینہ نے سولر نیٹ میٹرنگ صارفین سے متعلق نئی پالیسی منظور نہیں کی، کابینہ نے ہدایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ایران نے تیسرا زیر زمین میزائل بیس دنیا کے سامنے پیش کر دیا

تہران: (آئی پی ایس) امریکی دباؤ کے خلاف طاقت کا مظاہرہ ایران نے اپنا تیسرا زیر زمین میزائل بیس دنیا کے سامنے پیش کر دیا۔ یہ انکشاف ایسے وقت میں ہوا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو اپنے جوہری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

فلسطینی صورتحال پوری امت کیلئے کڑا امتحان ہے، مولانا شعیب الرحمن قاسمی

فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے اسلامی ممالک تمام یہودی مصنوعات کے بائیکاٹ کا اعلان کریں

لاہور (این این آئی) دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم مولانا شعیب الرحمن قاسمی نے کہا ہے کہ فلسطینی صورتحال پوری امت کیلئے کڑا امتحان ہے، غزہ کی صورتحال مسلم حکمرانوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے جو صرف بیانات اور لفظی مذمت تک محدود ہیں، فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے اسلامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

نیشنل پریس کلب کے رمضان فیملی فیسٹیول کے سلسلے کا دوسرا پروگرام

پروگرام میں شرکت کرنے والے تمام بچوں کو نقد انعامات اور سرٹیفکیٹ دیے گئے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیشنل پریس کلب کے رمضان فیملی فیسٹیول کے سلسلے کا دوسرا پروگرام این پی سی اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں ممبران اور انکے بچوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، بچوں کے درمیان قرآت اور نعت شریف کے مقابلے ہوئے، مقابلوں میں شرکت کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: این پی سی رمضان فیسٹیول میں شرکت کرنے والے بچوں کا پی پی پی آزاد کشمیر کے صدر چوہدری یسین، صدر پی ایف یو جے افضل بٹ و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

امریکی رپورٹ میں بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' کی دہشتگردی بے نقاب

پابندی کی سفارش

را' منظم طور پر سکھوں، مسلمانوں، دلتوں اور مسیحیوں کو نشانہ بنا رہی ہے، جس سے عالمی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہو رہی ہے

'را' نے حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر بھارتی میڈیا کو کنٹرول کیا اور داخلی تنقید کو دبانے کے لیے خفیہ نگرانی، جھوٹے مقدمات اور خوف و ہراس کی پالیسی اپنائی

واشنگٹن (آئی پی ایس) امریکی کمیشن برائے مذہبی آزادی (USCIRF) نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' (RAW) پر پابندی لگانے کی سفارش کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ یہ ایجنسی ماورائے عدالت قتل، ٹارگٹ کلنگ اور اقلیتوں پر مظالم میں ملوث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

فواد چوہدری نے سلمان اکرم راجہ کو بیوقوف قرار دے دیا

فیصل چوہدری کو لیگل ٹیم اور پی ٹی آئی وکلا کے واٹس ایپ گروپ سے بھی نکال دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کو بیوقوف قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ کو صرف فلاں فلاں کو نکال دیا کیلئے رکھا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

ڈیرہ اسماعیل خان' نامعلوم افراد کی پولیس پر فائرنگ، ہیڈ کانسٹیبل شہید، سپاہی زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان کے ضلع کلاچی مروت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہیڈ کانسٹیبل شہید جبکہ کانسٹیبل زخمی ہوگیا۔ فائرنگ سے شہید ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

امت مسلمہ کو اتحاد سے اسلام دشمن قوتوں کا مقابلہ کرنا چاہیے، جے یو آئی

مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہو کر یہود و نصاریٰ کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے کی ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر برائے مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف جدہ میں سعودی وزیر حج و عمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

اسلام آباد: مسیح برادری کی جانب سے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مسلم بھائیوں کے اعزاز میں دیے گئے افطار ڈنر کے موقع پر بشپ ڈاکٹر جوزف ارشد، سینیٹر طاہر خلیل سندھو، علامہ مصطفیٰ حیدر نقوی، سیکریٹری مذہبی امور ڈاکٹر عطاالرحمن، وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی و دیگر کا گروپ فوٹو

مسیحی برادری نے اپنے مسلمان بھائیوں کے لیے افطار ڈنر کا اہتمام کیا

سب کو اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے، کھیل داس کوہستانی

اسلام آباد: (نمائندہ خصوصی) آرچ بشپ ڈاکٹر جوزف ارشد، بشپ آف راولپنڈی اسلام آباد (Diocese) کی میزبانی میں ہونے والی اس تقریب میں وزیر مملکت برائے بین المذاہب ہم آہنگی کھیل داس کوہستانی، سینیٹر طاہر خلیل سندھو، مسلم کمیونٹی کے افراد اور سکھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پاکستان میں ترکیہ کی سفارتخانے کی طرف سے صحافیوں کیلئے رمضان پیکجز تقسیم

تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان میں تعینات ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو تھے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں ترکیہ کی سفارتخانے کی طرف سے نیشنل پریس کلب کے ممبران کیلئے رمضان پیکجز تقسیم کئے گئے، تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان میں تعینات ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو تھے جبکہ مذہبی امور کے اتاشی ڈاکٹر عبدالرحمان آق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: پاکستان میں تعینات ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر آئی ایم ایف معاہدے کے مثبت اثرات

کراچی (این این آئی) آئی ایم ایف اسٹاف لیول معاہدے کے بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 100 انڈیکس کا مثبت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں پسند کی شادی پر تین افراد قتل

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ لوہی بھیر کی حدود نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں پسند کی شادی پر تین افراد قتل کر دیے گئے۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کوئٹہ: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

ملک میں گہری تقسیم تفاق رائے پیدا کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے

بلاول بھٹو

اس وقت ملک میں نفرت کی سیاست اپنی انتہا کو پہنچ چکی ہے جبکہ عام آدمی غربت اور بے روزگاری سے نبرد آزما ہے

قومی مفادات کو پارٹی معاملات پر ترجیح دی جانی چاہیے، پیپلز پارٹی حکومت اور اپوزیشن دونوں کے ساتھ تعمیری روابط رکھنے کی پوزیشن میں ہے

اسلام آباد: (آئی پی ایس) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ملک میں گہری تقسیم اتفاق رائے پیدا کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے عہدیداروں نے ملاقات کی، ملاقات میں سینئر رہنما پیپلز پارٹی ثانیہ کامران، چودھری سجاد الحسن، جمیل مچ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

190 ملین پاؤنڈز: بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست پر جلد سماعت کی استدعا

سزا معطلی کی درخواست مرکزی اپیل کے ساتھ عید سے قبل سماعت کے لیے مقرر کی جائے

اسلام آباد (این این آئی) سابق خاتون اول بشریٰ بی بی نے 190 ملین پاؤنڈز کیس میں سزا معطلی کی درخواست پر جلد سماعت کی استدعا کر دی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے 190 ملین پاؤنڈز کیس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

سیکورٹی خدشات شمالی و جنوبی وزیرستان کے کئی علاقوں میں کرفیو کے نفاذ کا اعلان

آسمان منزہ سے لدھا اور مکین تک سڑکیں اور نواز کوٹ سے رزمک تک سڑکیں ٹریفک کیلئے بند رہیں گی

شمالی وزیرستان میں بھی رزمک سب ڈویژن میں صبح 6 بجے سے شام 6 تک کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے

جنوبی وزیرستان (آئی پی ایس) سیکورٹی خدشات کے پیش نظر شمالی اور جنوبی وزیرستان کے کئی علاقوں میں کرفیوں کے نفاذ کا اعلان کر دیا گیا، ضلعی انتظامیہ نے کرفیو نافذ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی وزیرستان اپر کے ڈپٹی کمشنر سلیم جان کے مطابق بدھ کو ایک دن کیلئے جنوبی وزیرستان اپر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

بجلی کی قیمت میں کمی کا امکان، کراچی کے صارفین محروم رہیں گے

اتھارٹی ڈیٹا کی مزید جانچ پڑتال کے بعد اپنا تفصیلی فیصلہ جاری کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) بجلی کی قیمت میں کمی سے متعلق پیر ایس ایس کی عوامی سماعت مکمل ہوگئی تاہم کراچی کے صارفین محروم رہیں گے۔ ڈسکوز کے فروری کے ماہانہ فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کے حوالے سے نیپرا ہیڈ کوارٹر میں چیئرمین کی زیر صدارت عوامی سماعت ہوئی۔ سی پی پی (3 1)

امت مسلمہ کو اتحاد سے اسلام دشمن قوتوں کا مقابلہ کرنا چاہیے، جے یو آئی

مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہو کر یہود و نصاریٰ کی تمام سازشوں کو ناکام بنانے کی ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

جماعت اسلامی کا KPK میں امن مارچ کرنے کا اعلان، عوام متحرک کرینگے، حافظ نعیم

حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے خیبر پختونخوا میں اس وقت دہشت گردی واپس آگئی ہے

امریکا نے دھمکی دی کہ ساتھ نہیں دیں گے تو حالات برے کر دیں گے، پاکستان نے ساتھ بھی دیا اور کوئی فائدہ بھی حاصل نہیں ہوا ہے

کراچی (آئی پی ایس) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ غلط پالیسیوں کی وجہ سے کے پی میں دہشت گردی واپس آچکی ہے، آج کے پی کے غالمی ایجنسیوں کی پراکسی بن گیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے 23 اپریل کو پشاور میں امن مارچ کا اعلان کر دیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے پریس کانفرنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

شوگر ملز ایسوسی ایشن نے ملک میں چینی کی قلت کے تاثر کو مسترد کر دیا

ملک میں خاطر خواہ چینی موجود ہے، کریانہ مرچنٹس اور سٹہ مافیا افواہیں پھیلا کر قیمتیں بڑھا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) شوگر ملز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ صارفین کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ملک میں چینی کا خاطر خواہ اسٹاک موجود ہے۔ لاہور میں شوگر ملز ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کا اجلاس ہوا جس میں چینی کی قلت کیلئے تاثر کو یکسر مسترد کر دیا گیا۔ ترجمان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

امریکہ کی پاکستان سمیت 8 ممالک کی 70 کمپنیوں پر برآمدی پابندیاں عائد

امریکی پابندی کی زد میں آنے والی ان کمپنیوں میں پاکستان کی 19، چین کی 42 متحدہ عرب امارات کی 4 کمپنیاں شامل ہیں

امریکی حکومت کا دعویٰ ہے کہ جن اداروں پر پابندیاں لگائی گئی ہیں وہ امریکہ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کے مفادات کے منافی کام کر رہے ہیں

واشنگٹن (آئی پی ایس) امریکہ نے پاکستان، چین اور 8 دیگر ممالک کی مجموعی طور پر 70 کمپنیوں پر برآمدی پابندیاں عائد کر دی ہیں۔ یہ پابندیاں ان کمپنیوں کے خلاف تجارتی تعلقات کو محدود کرنے کے لیے عائد کی گئی ہیں جن پر امریکی حکام کے مطابق قومی سلامتی کے خطرات کے خدشات ہیں۔ اس اقدام کا مقصد غیر قانونی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

گوشواروں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر 10 سابق ارکان قومی اسمبلی نااہل قرار

سابق ارکان اسمبلی تفصیلات دینے تک عام، ضمنی اور سینیٹ الیکشن میں حصہ نہیں لے سکتے

اسلام آباد (این این آئی) 23-2022ء کے اثاثے اور گوشواروں کی تفصیلات الیکشن کمیشن میں جمع نہ کرانے پر 10 سابق ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دیا گیا۔ فیصلے میں سندھ اور بلوچستان اسمبلیوں کے 7، 7 سابق ممبران کو بھی نااہل قرار دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن فیصلے میں لکھا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اداریہ

آپ کی رائے

دہشتگردی: پاک افغان تعلقات میں مثبت پیشرفت

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ہدایت پر افغانستان کے لئے پاکستان کے نمائندہ خصوصی محمد صادق نے 21 سے 23 مارچ تک کابل کا دورہ کیا۔ جس میں افغان حکام کیساتھ ملاقاتوں کے دوران محمد صادق نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لئے تشویش والے تمام مسائل بالخصوص سکیورٹی سے نمٹنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کی واپسی پر اسحاق ڈار کی زیر صدارت وزارت خارجہ کا اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا۔ جس میں صادق خان نے دورہ افغانستان کے بارے میں بریفنگ دی۔ اسحاق ڈار نے اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کے تحفظات کو دور کرنے کیلئے افغانستان کے ساتھ بات چیت جبکہ دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں دیرپا امن اور ترقی کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ دہشتگردوں کے عزائم ناکام بنائیں گے۔ دریں اثناء پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان اور خیبرپی کے کے امن وامان پر خصوصی توجہ دینے اور قومی معاملات پر اتفاق رائے پیدا کرنے کو ناگزیر قرار دیا۔ گورنر ہاؤس پنجاب میں کارکنوں اور پارٹی رہنماؤں سے خطاب کرتے ہوئے بلاول نے کہا کہ پوری قوم اور تمام جماعتوں کو دہشتگردوں سے مقابلے کیلئے متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل سکیورٹی اجلاس میں کچھ جماعتوں کی عدم شرکت افسوسناک ہے۔ وزیراعظم سے اپیل ہے ایک بار پھر قومی سلامتی پر اجلاس بلائیں، ہم پہلے اجلاس میں شریک نہ ہونے والے پارٹی قائدین کو شرکت پر قائل کرنے کی کوشش کریں گے۔ پاکستان اس وقت بدترین دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے۔ دہشتگردوں کے خلاف اپریشن ہو رہے ہیں۔ دہشتگردی کے ڈانڈے بیرون ممالک بھی ملتے ہیں۔ افغانستان تو گویا پاکستان کے لیے دہشتگردی کا گڑھ اور سنٹر بن چکا ہے۔ دہشتگردی کے جڑ سے خاتمہ کے لیے افغانستان کو اپنا کردار ناگزیر ہے۔ پاکستان اور افغانستان کے تعلقات ہمیشہ سے اتار چڑھاؤ کا شکار رہے ہیں۔ دونوں ممالک جغرافیائی، ثقافتی اور مذہبی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، لیکن سکیورٹی، سرحدی تنازعات اور دہشتگردی جیسے مسائل نے ان کے تعلقات کو پیچیدہ بنا دیا ہے۔ محمد صادق کا کابل کا دورہ اور طالبان کے وزیر خارجہ امیر خان متقی سمیت دیگر حکام سے ملاقاتیں اس بات کا اظہار ہے کہ پاکستان سفارتی ذرائع سے مسائل کا حل چاہتا ہے۔ پاکستان کے لیے سب سے بڑا چیلنج افغانستان کی سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی ہے۔ گزشتہ چند ماہ میں پاکستان میں دہشتگردی کے کئی واقعات ہوئے، جن کے تانے بانے افغانستان میں موجود عناصر سے ملتے ہیں۔ اگرچہ طالبان حکومت نے بارہا یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ اپنی سرزمین کسی کے خلاف استعمال نہیں ہونے دے گی، مگر عملی طور پر صورتحال مختلف نظر آتی ہے۔ ٹی ٹی پی (تحریک طالبان پاکستان) اور دیگر دہشتگرد گروہوں کی افغانستان میں موجودگی پاکستان کے لیے ایک مسلسل خطرہ بنی ہوئی ہے۔ افغانستان کی موجودہ حکومت کے سامنے بھی بڑے چیلنجز ہیں۔ ایک طرف وہ عالمی سطح پر خود کو تسلیم کرانے کے لیے کوشاں ہے، تو دوسری جانب داخلی مسائل، اقتصادی بحران اور امن وامان کی بگڑتی صورتحال اس کے لیے مشکلات کھڑی کر رہی ہے۔ ایسے میں پاکستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری اس کے لیے بھی فائدہ مند ہو سکتی ہے، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ دہشتگرد گروہوں کے خلاف عملی اقدامات کرے۔ پاکستان میں دہشتگردی کے خلاف اتفاق رائے کی شدید ضرورت ہے۔ سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے قومی سلامتی پر ایک مشترکہ اجلاس بلانے کی تجویز دی ہے، جو کہ ایک مثبت قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ دہشتگردی کسی ایک جماعت یا ادارے کا مسئلہ نہیں، بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے۔ بدقسمتی سے، پاکستان کی سیاست اس وقت شدید تقسیم کا شکار ہے، جس کا فائدہ دہشتگرد عناصر اٹھا رہے ہیں۔ اگر تمام جماعتیں اور ادارے ایک پیج پر آ جائیں تو دہشتگردی کے خلاف مؤثر حکمت عملی تیار کی جا سکتی ہے۔ افغانستان کے معاملے میں ایک اور اہم پیش رفت امریکہ کی حکمت عملی میں تبدیلی ہے۔ ماضی میں امریکہ نے طالبان کے ساتھ معاملات طے کرنے کے لیے پاکستان کو آپشن کو اپنایا، لیکن اب وہ خلیجی ممالک کے ذریعے طالبان سے مذاکرات کر رہا ہے۔ اپنا ایک یرغمالی بھی امریکہ خلیجی ممالک کے توسط سے رہا کروا کے لے گیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ امریکہ پاکستان پر اپنا انحصار کم کر رہا ہے، جو کہ پاکستان کے لیے ایک سٹراٹیجک چیلنج ہو سکتا ہے۔ اس صورتحال میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی خارجہ پالیسی کو مزید مؤثر بنائے اور افغانستان کے ساتھ براہ راست تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کرے۔ اس حوالے سے نمائندہ خصوصی کا افغانستان کا دورہ اہم پیش رفت ہے۔ اگر پاکستان، افغانستان اپنے تعلقات کو بہتر بنانے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو اس کے مثبت اثرات پورے خطے پر پڑیں گے۔ دہشتگردی کے خاتمے کے علاوہ، اقتصادی تعاون، راہداری منصوبے، تجارتی معاہدے اور عوامی روابط دونوں ممالک کے لیے فائدہ مند ہو سکتے ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ ایک مستحکم افغانستان کی حمایت کی ہے، اور اب یہ طالبان حکومت پر منحصر ہے کہ وہ پاکستان کے تحفظات کو دور کرے اور بھارتی مداخلت سے دور رہے۔ پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات کو معمول پر لانے اور دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سفارتی اور سکیورٹی کی سطح پر مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ پاکستان نے مثبت قدم اٹھاتے ہوئے افغانستان کے ساتھ دوبارہ بات چیت شروع کی ہے، لیکن یہ یکطرفہ عمل نہیں ہونا چاہیے۔ افغانستان کو بھی چاہیے کہ وہ پاکستان کے تحفظات کو سنجیدگی سے لے اور عملی اقدامات کرے۔ اگر دونوں ممالک مسائل کا حل نکالنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو یہ نہ صرف ان کے لیے بلکہ پورے خطے کے لیے ایک خوش آئند پیش رفت ہوگی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام سیاسی قوتیں باہمی اختلافات بھلا کر دہشتگردی کے خلاف یکجہتی کا مظاہرہ کریں، اور قومی مفادات کو ذاتی سیاست پر ترجیح دیں۔ اگر آل پارٹیز کانفرنس ہوتی ہے، تو اس میں تمام جماعتوں، بشمول پی ٹی آئی، کو شرکت کرنی چاہیے تاکہ ملک کو دہشتگردی کے عفریت سے نجات دلائی جا سکے۔ افغانستان کے ساتھ تعلقات کی بہتری اور قومی یکجہتی، دونوں ہی دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے ناگزیر ہیں۔

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

11 مارچ 2025 کو ملک کے ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کا ایک اہم حصہ جعفر ایکسپریس مسافر ٹرین سے متعلق ایک بڑے واقعے کے بعد پاکستان کی سیکیورٹی فورسز دوبارہ منظر عام پر آ گئیں۔ یہ حملہ جس کی وجہ سے یرغمالیوں کی صورتحال پیدا ہوئی، نے اہم قومی اور بین الاقوامی تشویش کو جنم دیا۔ جعفر ایکسپریس، جو کراچی اور کوئٹہ کے درمیان چلنے والی سب سے زیادہ اور مسلسل چلنے والی ٹرینوں میں سے ایک ہے، پر دہشتگردوں نے گھات لگا کر حملہ کیا جب وہ بلوچستان سے گزر رہی تھی۔ یہ حملہ، جو 11 مارچ 2025 کو ہوا بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے ایک دھڑے کی طرف سے کیا گیا تھا۔ جب ٹرین کوئٹہ اور مچھ کے درمیان سے گزر رہی تھی تو دہشتگردوں کے ایک گروہ نے ریلوے ٹریک کے ایک دور دراز حصے میں دھماکہ خیز مواد اور آتشیں ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے ٹرین پر حملہ کیا۔ حملہ آوروں نے کئی ڈبوں کو پٹری سے اتار دیا، جس سے مسافروں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اس کے بعد حملہ آور ٹرین میں سوار ہوئے اور اس میں سوار شہریوں اور فوجی اہلکاروں کو پکڑ لیا اور یرغمال بنا لیا۔ کچھ فوجی اہلکار حفاظتی وجوہات کے بنا پر شہری لباس میں تھے۔ دہشتگردوں نے حملے کو انجام دینے میں بہت ایڈورن کی حکمت عملی اور گھات لگا کر حملہ کرنے کی حکمت عملی استعمال کی۔ انہوں نے ٹرین کو پٹری سے اتارنے کے لیے پٹریوں پر دھماکہ خیز مواد رکھا، یہ ایک ایسا حربہ ہے جو بڑے پیمانے پر جانی نقصان کا باعث بنتا ہے اور ٹرین کے راستے، فرار یا کمک کو روکتا ہے۔ پٹری سے اترنے کے بعد حملہ آوروں نے ٹرین پر دھاوا بول دیا، مسافروں کو آتشیں ہتھیاروں سے دھمکایا اور کئی ڈبوں کا کنٹرول سنبھال لیا۔ انہوں نے فوجی اہلکاروں کو شہریوں سے الگ کر دیا۔ یہ نہ صرف ایک دہشتگرد حملہ تھا بلکہ ایک نفسیاتی حملہ بھی تھا، جو پاکستانی حکومت اور فوج کو ایک طاقتور پیغام بھیجنے کے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔ حملے کے بعد مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ہنگامی ٹیموں کو جائے وقوعہ پر روانہ کیا گیا، لیکن دور دراز مقام اور دہشتگردوں کے گوریلا ہتھکنڈوں کے استعمال نے فوری کارروائی میں رکاوٹ پیدا کر دی۔ عسکریت پسندوں نے ریڈیو نشریات کے ذریعے اپنے مطالبات بتائے، حملے کی ذمہ داری قبول کی اور ان کے سیاسی مطالبات پورے نہ کیے جانے پر یرغمالیوں کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دی۔ بی ایل اے اس سے قبل بلوچستان کے لیے زیادہ سے زیادہ خودمختاری اور خطے سے پاکستانی فوجی دستوں کے انخلا کے لیے اسی طرح کے مطالبات کر چکی ہے۔ اس کے جواب میں پاکستانی حکومت فوج کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے حملہ آوروں کے ساتھ بات چیت کے لیے تیزی سے آگے بڑھی۔ تاہم، پچھلے مذاکرات کی ناکامی اور باغیوں کی تشدد کا سہارا لینے کی تاریخ کو دیکھتے ہوئے فوج نے مکمل پیمانے پر بچاؤ مشن کی تیاری شروع کر دی۔ جیسے جیسے گھنٹے گزرتے گئے، تناؤ بڑھتا گیا اور اطلاعات کے مطابق یرغمالی بنانے والے تیزی سے جارحانہ ہوتے جا رہے تھے۔ فیصلہ کن کارروائی کرنے کے بڑھتے ہوئے دباؤ میں پاکستانی فوج نے اگلے دن صبح سویرے آپریشن شروع کیا۔ آپریشن کا مقصد دہشتگردوں کو بے اثر کرنا، یرغمالیوں کی محفوظ رہائی کو یقینی بنانا اور مزید خونریزی کو روکنا تھا۔ آپریشن کی قیادت اسپیشل سروسز گروپ (ایس ایس جی) پاکستان کا انسداد دہشتگردی کا ایلیٹ یونٹ کر رہا تھا، جو یرغمالیوں کو بچانے اور دہشتگرد مخالف کارروائیوں میں مہارت کے لیے جانا جاتا ہے۔ فوج نے تیزی سے زمینی دستوں، بکتر بند گاڑیوں اور ہیلی کاپٹروں کے احتراج کو اس جگہ کے آس پاس کے علاقے میں متحرک کر دیا۔ پہاڑی علاقے اور اس خطرے کے پیش نظر کہ دہشتگرد قریبی غاروں یا مشکل سے پہنچنے والے مقامات پر چھپے ہو سکتے ہیں، دہشتگردوں کی پوزیشنوں کا سراغ لگانے کے لیے فضائی نگرانی اور زمینی انٹیلی جنس ٹیمیں تعینات کی گئیں۔ حکمت عملی کے ایک اہم عنصر میں زمینی افواج کو خصوصی افواج کے یونٹوں کے ساتھ مربوط کرنا شامل تھا۔ ایس ایس جی کے کمانڈوز نے حملہ آوروں کو گھیرے میں لینے اور مربوط حملے کی تیاری کے لیے حکمت عملی کی کارروائیوں کا ایک سلسلہ انجام دیا۔ پاکستان کی فضائیہ نے بھی فضائی مدد فراہم کی، علاقے میں گشت کیا تاکہ کسی بھی دہشتگرد کو دوسرے ذرائع سے فرار ہونے سے روکا جا سکے۔ اگلی صبح تک فوج نے ٹرین اور اس کے اغوا کاروں کو کامیابی کے ساتھ گھیرے میں لے لیا تھا۔ ایس ایس جی نے ٹرین پر بروقت حملہ کیا اور ان ڈبوں پر دھاوا بول دیا جہاں یرغمالیوں کو رکھا جا رہا تھا۔ آپریشن کامیاب رہا۔ کئی دہشتگرد مارے گئے اور دیگر کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایک بھی یرغمالی کی جان نہیں گئی۔ ریسکیو آپریشن کئی گھنٹوں تک جاری رہا جب فوج ٹرین میں آگے بڑھی، یرغمالیوں کو محفوظ بنایا اور کسی بھی مزاحمت کو بے اثر کیا۔ دوپہر تک پاکستانی فوج نے تمام یرغمالیوں کو کامیابی کے ساتھ بازیاب کروا لیا اور تمام دہشتگرد مارے گئے۔ آپریشن کے بعد، حکومت اور پاکستان کے عوام نے فوج کی تیز رفتار کارروائی کی تعریف کی، جس نے بہت سی بے گناہ جانیں بچائیں۔ تاہم، اس حملے اور اس کے بعد کی کارروائی نے پاکستان میں اور خاص طور پر بلوچستان میں جاری سلامتی کے متعدد خدشات کی نشاندہی کی۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج بلوچستان میں انسداد دہشتگردی اور انسداد بغاوت کی کارروائیوں میں سرگرم عمل رہی ہے۔ نومبر 2022 میں چیف آف آرمی اسٹاف (سی او اے ایس) کا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، جنرل منیر نے کئی کامیاب کارروائیوں کی قیادت کی ہے جن کا مقصد دہشتگرد عناصر کو بے اثر کرنا، امن کی بحالی اور خطے میں سلامتی کو بہتر بنانا ہے۔ ان کی قیادت اور اسٹریٹجک وژن کی وجہ سے پاکستان کی انسداد دہشتگردی کی کوششوں میں نمایاں تبدیلیاں آئی ہیں، جس سے فوج بلوچستان کو مستحکم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں سب سے قابل ذکر حکمت عملیوں میں سے ایک انٹیلی جنس پر مبنی آپریشنز (آئی بی اوز) پر زیادہ توجہ مرکوز کرنا رہی ہے۔ یہ کارروائیاں، جن کی احتیاط سے منصوبہ بندی کی گئی اور ان پر عمل درآمد کیا گیا، انٹیلی جنس جمع کرنے، نگرانی اور مختلف فوجی اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے درمیان ہم آہنگی پر بہت زیادہ انحصار کرتی ہیں۔ جنرل عاصم منیر کا انٹیلی جنس سے چلنے والی کارروائیوں پر زور اعلیٰ قیمت والے اہداف کو ختم کرنے میں انتہائی موثر ثابت ہوا ہے۔ خاص طور پر ان کی قیادت میں فوجی اہلکاروں اور شہری بنیادی ڈھانچے پر حملوں کے ذمہ دار کئی بڑے دہشتگرد کمانڈروں کو بے اثر کر دیا گیا۔ ان کارروائیوں نے دہشتگرد گروہوں کے مواصلاتی نیٹ ورکس اور رسد کو متاثر کیا ہے، جس سے بڑے پیمانے پر حملے کرنے کی ان کی صلاحیت میں شدید رکاوٹ پیدا ہوئی ہے۔ مثال کے طور پر، 2023 میں، پاکستانی فوج نے انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیوں کے سلسلے میں بی ایل اے اور بی ایل ایف کے کئی اعلیٰ عہدوں پر فائز ارکان کو کامیابی کے ساتھ ختم کر دیا، جس سے ان گروہوں کی آپریشنل صلاحیت میں نمایاں کمی واقع ہوئی۔ ان کارروائیوں نے سرحد پار دراندازی اور افغانستان سے بلوچستان میں عسکریت پسندوں کی نقل و حرکت کو روکنے میں بھی مدد کی۔ جنرل عاصم منیر نے بلوچستان میں سلامتی کی کوششوں کو تقویت دینے کے لیے فوج، پولیس اور خفیہ ایجنسیوں کے درمیان تعاون بڑھانے پر زور دیا ہے۔ ہم آہنگی کو ہموار کرنے کے لیے مشترکہ ٹاسک فورسز قائم کی گئی ہیں، جس سے انسداد دہشتگردی کی مزید موثر کارروائیاں کی جا سکیں۔ جنرل عاصم منیر کی واضح ہدایات کی رہنمائی میں اس مربوط نقطہ نظر نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ حفاظتی کارروائیاں نہ صرف عملی طور پر کامیاب ہوں بلکہ قانونی طور پر بھی مضبوط ہوں اور انہیں مقامی برادری کی حمایت حاصل ہو۔ اس تعاون کی وجہ سے دہشتگرد خلیوں کو ختم کیا گیا ہے، جس میں دہشتگردی کی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے والا بھاری مقدار میں ہتھیار اور دھماکہ خیز مواد ضبط کرنا بھی شامل ہے۔ اگرچہ آپریشن ردالفساد جنرل عاصم منیر کی تقرری سے پہلے شروع کیا گیا تھا، لیکن انہوں نے بلوچستان میں اس کے نفاذ کو جاری رکھا اور مضبوط کیا۔ انسداد دہشتگردی کا ایک جامع اقدام ہوتے ہوئے اس آپریشن کا مقصد دہشتگردی کا خاتمہ، سابقہ کامیابیوں کو مستحکم کرنا اور پورے پاکستان میں پائیدار امن حاصل کرنا ہے، جس میں بلوچستان جیسے بڑے درجے کی دہشتگردی کی سرگرمیوں کا سامنا کرنے والے علاقوں پر خصوصی زور دیا گیا ہے۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں آپریشن ردالفساد کے تسلسل کو بلوچستان کے ناہموار پہاڑی علاقوں میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں اور تربیتی کیمپوں کو نشانہ بنانے کے لیے بڑھایا گیا۔ فضائیہ اور اسپیشل سروسز گروپس (ایس ایس جی) کی مدد سے پاک فوج نے ان گڑھوں کو ختم کرنے کے لیے کئی کارروائیاں کیں۔ ایک اہم مہم 2023 کے اوائل میں ہوئی، جب ڈیرہ بگٹی اور قلات کے علاقوں میں، جو تاریخی طور پر دہشتگرد گروہوں کو پناہ دینے کے لیے مشہور ہیں، دہشتگردوں کے گڑھ کو نشانہ بناتے ہوئے کئی ایک کارروائی میں عسکریت پسندوں کی ایک قابل ذکر تعداد ہلاک ہو گئی۔ جعفر ایکسپریس حملے کے دوران پاک فوج کے کامیاب آپریشن نے دہشتگردی کے لیے زیرو ٹالرینس اور بلوچستان اور پاکستان کے امن وخوشحالی کے لیے پختہ عزم کا واضح پیغام دیا۔ ان اقدامات نے بلوچستان کی عوام اور وسیع تر پاکستانی آبادی کی جانب سے تعریف اور حمایت حاصل کی ہے جو فوج کی کوششوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہیں۔

جعفر ایکسپریس آپریشن پاک فوج زندہ باد

مہمان کالم

محمد دلاور چودھری

1917 کا سال بھی دنیا کی تاریخ میں ایک انوکھا سال تھا جب روس میں انقلاب آیا تو کروڑوں مزدور، دہقان اور ستم ظریف یہ سمجھ بیٹھے کہ وہ وقت آ گیا ہے جب تاج اچھالے اور تخت گرائے جائیں گے۔ سرمایہ دار دنیا بھی یہ "شاک ویو" بڑی شدت سے محسوس کر رہی تھی۔ چنانچہ مزدوروں اور غریبوں کو کئی ایسے حقوق بھی عطا ہو گئے جو "بن مانگے مراد پوری" ہونے کی داستان بن گئے۔ ابھی اس انقلاب کا ذائقہ پوری طرح زباں پر محسوس بھی نہیں ہوا تھا کہ سائنس کی مطلق العنانیت نے اسے چاروں طرف سے گھیر لیا اور اس انقلاب کے بانیوں میں سے ایک اور لینن کے دست راست ٹراٹسکی کو (Revolution Betrayed) لکھ کر نہ صرف یہ اعتراف کرنا پڑا بلکہ باقی دنیا کو بھی احساس دلانا پڑا کہ "یہ داغ داغ اجالا" وہ صبح نہیں جس کے انتظار میں دن رات ایک کئے گئے تھے۔

وقت چلتے چلتے 1989 تک آن پہنچا جب میخائل گورباچوف کو "سوویت یونین" کو خدا حافظ کہنا پڑا۔ جس آن بان شان سے روسی انقلاب کے بانیوں کے مجسمے آویزاں کئے گئے تھے اسی نفرت سے انہیں زمین بوس کر دیا گیا۔ اس پر دلچسپ بات یہ ہے کہ گورباچوف نے (Prestroika) اور (Glasnost) میں اس رد انقلاب کو سیاسی اور معاشی کھلا پن قرار دیا اور اسے بھی انقلاب قرار دیا ایک ایسا انقلاب جو خون بہائے بغیر نمودار ہوا تھا۔

اس سب کے بعد مغربی مفکر فرانسس فوکویاما نے تو (End of history) لکھ کر گویا یہ اعلان کر دیا کہ "اب روس جیسے انقلابات کی گنجائش نہیں رہی اور دنیا میں صرف مغربی جمہوریت ہی پھلے پھولے گی"

لبرل ازم کے فلسفے کی شان میں زمین آسمان کے قلابے ملاتے قصیدے معمول بن گئے۔ آزادیوں کے تحفظ کے نام پر مختلف ملکوں میں مداخلت اور فوجی آپریشن روزمرہ کا معمول بن گئے جن میں برطانیہ بھی اپنے ماضی کی نوآبادی اور آج کے "بڑے بھائی" کی اگلی تمام کرشمہ پیش پیش ہو گیا۔ سوویت یونین کے خاتمے کے ساتھ یہ بھی سمجھ لیا گیا تھا کہ "فری مارکیٹ اکانومی" کے راستے کی آخری دیوار بھی گر گئی کیونکہ چین تو پہلے ہی ڈینگ زی پنگ کی قیادت میں "اوپن ڈور پالیسی" پر عمل پیرا تھا اور اس کی نظریاتی راہیں سوویت یونین سے کب کی جدا ہو چکی تھیں۔

ان حالات میں مشہور برطانوی فلسفی جان لاک کے سیاسی نظریات کو بہت فروغ حاصل ہوا اور لبرل ڈیموکریسی کو ہی انسان کے "زخموں" کا واحد "مرہم" قرار دیا جانے لگا۔

"سب طبقاتی اور انفرادی طور پر برابر ہیں" کسی کو کسی پر کوئی برتری نہیں اظہار رائے سب کا بنیادی حق ہے اور سب کو جائز کاروبار کی مکمل آزادی ہے۔

یہ نظام چلتا اور آگے بڑھتا رہا اور دنیا کلاسیکل لبرل ازم سے نیو لبرل ازم کے دور میں داخل ہوئی تو اپنے ساتھ گھٹن کا یہ احساس بھی لائی کہ فری مارکیٹ اکانومی کے وہ اصول جن پر عمل کرنا لبرل ڈیموکریسی کا بنیادی پتھر تھا آزاد انسان سے "شہری" کی حیثیت چھین کر اسے ایک گاہک یا کنزیومر میں بدل رہی ہے۔ انسانی آزادیاں اور سیاست بازیاں بڑی بڑی ملٹی نیشنل کمپنیوں اور امیروں کے در کی باندیاں بن چکی ہیں اور جس کے خواب دیکھے گئے تھے وہ یہ "سویرا" بھی ہر گز نہیں تھا۔

جہاں تک آج کی لبرل ڈیموکریسی کی بات ہے تو یہ "اونچی دکان اپنے پھیکے پکوان" کی وجہ سے دنیا بھر میں شکوک وشبہات کی زد پر ہے۔ بات آکسفورڈ کے مباحثے کی ہو یا کہیں اور کی، ہر جگہ مخالف دلوں کی تعداد بڑھ رہی ہے اور خوبصورت ملمع کاری کے نیچے سے کھردرا رنگ نمودار ہو رہا ہے۔ اسی طرح جس طرح ایک فلم میں برف میں دبے ہزاروں برس پرانے انسان میں زندگی کی رمق دیکھ کر اسے ایک "تجربہ گاہ" میں لایا جاتا ہے اسے ہوش میں لانے کے جتن شروع کر دیئے جاتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی اس کی "قدرتی ماحول کے احساس والی" مصنوعی رہائش گاہ کی تعمیر شروع ہو جاتی ہے۔ ہوش میں آتے ہی "موصوف" کو اس رہائش گاہ میں منتقل کر دیا جاتا ہے جہاں وہ خوش وخرم زندگی گزارنے لگتا ہے لیکن دوسری کہانیوں اور فلموں کی طرح یہ اختتام نہیں ہے بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ ہزاروں برس پرانے انسان کو یہ احساس ہونے لگتا ہے کہ یہ سب حقیقت نہیں اور مصنوعی پن کی دھند میں لپٹی سچائی کچھ اور ہے چنانچہ ایک دن وہی ہوتا ہے جو "کمیونسٹ انقلاب" کے ساتھ ہوا اور "لبرل ڈیموکریسی" کے ساتھ ہو رہا ہے ایک روز پانی پیتے ہوئے اس انسان کو کچھ اجنبیت محسوس ہوتی ہے اور وہ مصنوعی نشیئے کو کھود کر وہ پائپ برآمد کرتا ہوا وہاں تک جا پہنچتا ہے جہاں سے یہ سب ماحول کنٹرول کیا جا رہا ہوتا ہے پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی رہتی ہے نہ دیئے میں تیل باقی رہ پاتا ہے اور اصلیت روز روشن کی طرح سامنے آ جاتی ہے۔

آیئے ان نظاروں کے بعد پھر وہیں واپس آتے ہیں لبرل ڈیموکریسی کے دوسرے چیتوں کی طرح برطانیہ بھی وہ ملک ہے جو ایک عرصہ تک نوآبادیات کے گھناؤنے کھیل میں مبتلا رہا۔ پھر روسی انقلاب کے بعد "شیر آیا شیر آیا" کی صدائیں لگا کر لوگوں کو اپنے نظام کی اہمیت کا احساس دلاتا رہا۔ اس کے ساتھ اپنے "بڑے بڑے شہتیر" فراموش کر کے دوسروں کی آنکھ کے بال تلاش کرتا رہا اور ہیرت اتار اتار کر دوالگ سے وصول کرتا رہا۔

یہ سب کہنے کا مقصد اور مطلب یہ ہے کہ اگر آپ واقعی انسان کو کھلکھلا کر سانس دینا چاہتے ہیں تو اپنی بنیادوں سے وہ خون بھی صاف کریں جو آپ کے خونخوار ماضی کی عکاسی کر رہا ہے اور یہ خون "لبرل ڈیموکریسی" کے "کپڑے" سے صاف نہیں ہوگا بلکہ ماضی اور حال دونوں کی "اداؤں" پر غور اور ان پر معذرت کر کے سچے دل سے انسانی آزادیوں کے حقیقی نظام کی طرف بڑھنے سے ہوگا۔

جن کی چھوڑی ہوئی "بدروحیں" ابھی تک ان کی سابقہ نو آبادیوں میں رہنے والوں کو نہ صرف ستا بلکہ دھمکا رہی ہوں۔ ان کے منہ سے انسانی برابری، انصاف اور آزادی اظہار کے الفاظ ایسے ہی لگتے ہیں جیسے کوئی "قیدو" دو پیار کرنے والوں کو ملنے سے روکے جانے پر صدائے احتجاج بلند کر رہا ہو۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے جیسے تو آبادی رہنے والے تیسری دنیا کے ملکوں میں "رعایا کے غمگساروں" نے "لبرل ڈیموکریسی" کے نام پر وہ "قرض چڑھا دیئے ہیں، جو بالکل بھی واجب نہ تھے"۔ جس طرح لوگوں کی آزادیوں، اظہار رائے اور قانونی برابری کے کھیلا گیا ہے یقیناً آنیوالا مورخ انہیں اچھے الفاظ سے یاد نہیں کرے گا کیونکہ یہ زیر تکمیل انسانی احوال کی کتاب کا ایک افسوسناک "باب ہیں لیکن ہم پر جو کچھ بھی مسلط ہے وہ بھی تو "آپ" ہی کی عنایت ہے۔

چرچل، برطانیہ اور لبرل ڈیموکریسی (2)

مقدمہ تعلیم

ڈاکٹر محمد افضل بابر

عارضہ قلب کے دوران جب میں وینٹیلیٹر پر تھا تو اللہ عزوجل کے حضور بہت سارے ہاتھ دعائے صحت کے لئے اٹھے۔ اللہ بزرگ و برتر نے صحت کے ساتھ نئی زندگی بھی عطا فرمائی جس کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر عبدالرؤف بھٹہ نے تجویز دی کی خانقاہ ﷺ رحیمیہ کے سجادہ نشین مفتی عبدالخالق آزاد رائے پوری لاہور مرکز میں رمضان المبارک گزار رہے ہیں تو وہاں جا کر ان کی صحبت میں کچھ وقت گزاریں اور رمضان المبارک کے فیوض و برکات سمیٹیں۔ بڑے صاحبزادے حافظ سعید الرحمن طاہر کو تیار کیا تو عبدالرحمن نے بتایا کہ اس کی یونیورسٹی کے چند ساتھی بھی انہی ایام میں مرکز جائیں گے۔ ڈاکٹر عبدالرؤف بھٹہ نے بھی اپنے چھوٹے صاحبزادے محمود الحسن کو بھی ساتھ تیار کر لیا۔ لاہور کے لئے سفر پر روانگی براستہ موٹروے ہوئی نماز جمعہ سیال طعام وقیام پر ادا کی گئی۔ نماز عصر سے قبل ادارہ رحیمیہ میں پہنچ گئے جہاں حضرت اقدس کا اہم خطاب نوجوانوں کو جاری تھا۔ میں نے دوران سفر برادر مکرم پیر ایوان تعلیم قاضی نعیم انجم، استاد محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر مصطفیٰ اور ڈائریکٹر منہاج ایجوکیشن سوسائٹی راشد حمید کلیامی کو اپنی لاہور آمد کی اطلاع دے دی۔ نماز مغرب سے قبل سینکڑوں نوجوانوں کے ہمراہ حضرت اقدس نے آب زم زم اور مدینہ شریف کی کھجوروں سے افطاری کا اہتمام کیا گیا۔ آخری عشرے کی پہلی طاق رات کی نماز تراویح ۱۱:۰۰ ۳ بجے تک مکمل ہوئی جس کے بعد مفتی صاحب نے نوجوانوں کے سوالوں کا غیر رسمی انداز میں جواب دیا مجھے مفتی صاحب کا یہ انداز دیکھ کر پیر طریقت بانی ادارہ ﷺ رحیمیہ شاہ سعید احمد رائے پوریؒ کا طریقہ تربیت یاد آ گیا۔ ادارے میں مفتی عبداللہ قدیر، مفتی عبدالمتین نعمانی اور حافظ محمد طاہر بھی انتظامی و تربیتی پروگراموں کی ذمہ داریاں نبھا رہے تھے۔ سحری اور نماز فجر کے بعد شاہ سعید احمد رائے پوریؒ کی قبر پر حاضری ہوئی۔ آرام کے دوران جاوید نور تامزہ کی فون کال سے معلوم ہوا کی قاضی نعیم انجم صاحب نے تو میرے اعزاز میں پرتکلف افطار ڈنر کا پی سی ہوٹل میں اہتمام کیا ہے جہاں پنجاب کی صوبائی و مرکزی تنظیموں کے صدور کو بھی دعوت دی ہوئی ہے۔ ڈاکٹر عبدالرؤف بھٹہ کے چند ایک ساتھیوں سے ملاقات کے بعد حضرت اقدس کے خصوصی درس تعلیمات شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ میں شرکت ہوئی۔ افطار ڈنر میں شرکت کے لئے ہوٹل پہنچے تو قاضی نعیم انجم صاحب نے تمام مہمانوں کا خوبصورت گلدستوں سے استقبال کیا۔ فیصل آباد سے صداقت لودھی، سیالکوٹ سے جاوید نور تامزہ، قصور سے سید شبیر ہاشمی اپنی نیم کے ہمراہ، پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن سے علی رضا بھائی، آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر کاشف ادیب جاودانی، ملک عبدالسمیع، شاہد نور، سید فیصل گیلانی، حسن منہاس اور دیگر قائدین موجود تھے۔ تمام احباب نے قاضی صاحب کا شکریہ ادا کیا نجی تعلیمی اداروں کے مسائل اور ممکنہ حل پر بات کی آخر میں مجھے بھی مہمان اعزاز کے طور پر افتتاحی کلمات کا موقع دیا گیا۔ اس کے بعد استاد محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر مصطفیٰ کے آستانہ عالیہ بحریہ ٹاؤن میں جانا ہوا جہاں انہوں نے ہمیں بحریہ ٹاؤن کی اہم جگہوں ایفل ٹاور، جامع مسجد، کرکٹ اکیڈمی اور اے آر وائی اسٹوڈیو بھی دیکھایا۔ پرو

بقیہ 1

پھر امیں سماعت ہوئی، جس میں سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے فی یونٹ بجلی 30 پیسے سستی کرنے کی درخواست کی۔ سی پی پی اے کے مطابق ایل این جی کے نرخوں میں کمی ہونے سے بجلی کی قیمت کم ہو رہی ہے۔ سماعت میں بجلی کی کمپنیوں میں کمی سے متعلق پھر اپنے تشویش کا اظہار کیا، ممبر ٹیکنیکل رفیق شیخ نے سوال کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں بجلی کی گرڈ کیا ہوگی، کوئی اسٹڈی ہے؟ اس حوالے سے سی پی پی اے نے موقف اپنایا کہ ڈسکوز کی سطح پر اسٹڈی کرائی جارہی ہیں، ڈیموں میں پانی کی کمی پر مہنگے ذرائع سے بجلی پیداوار بڑھ سکتی ہے۔ سماعت میں ممبر پھر رفیق شیخ نے کہا کہ آج ڈسکوز کو یہاں ہونا چاہیے تھا، تربیلی نقصانات کے باعث صارفین پر کتنا بوجھ پڑا ہے؟۔ چیئرمین پھر اپنے کہا کہ ملک میں بجلی کی طلب میں کمی پر پاور ڈویژن اسٹڈی کرائے، ریٹ بجلی کی گرتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں پلان تیار کیا جائے۔ فروری کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کیلئے سماعت مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا گیا ہے جو بعد میں جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 2

کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کا اسٹاف لیول معاہدہ ہوگیا ہے، دن رات کی محنت اور ایک ٹیم ورک کے نتیجے میں کامیابی حاصل ہوئی، آئی ایم ایف معاہدوں سے متعلق اظہار کے اوجود تنقیدوں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، حکومت کی ان تھک محنت سے اتنا جلد یہ ہدف حاصل ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا دہشت گردی اور مہنگائی کے باوجود معاہدہ طے پانا حکومت کی سنجیدگی کا عکاس ہے، پوری قوم نے اس ہدف کے حصول میں بے پناہ قربانیاں دیں، معاہدہ طے پانے میں عام آدمی کا بھی انتہائی اہم کردار ہے۔ ان کا کہنا تھا گزشتہ سال کے مقابلے آئی ایم ایف کا ہدف 9 ٹریلین روپے تھا، رواں سال یہ ہدف 9.12 ٹریلین روپے ہے، آئی ایم ایف نے جو ٹارگٹ مقرر کیا تھا وہ 2.10 ٹریلین روپے تھا جبکہ ہم نے 6.10 ٹریلین روپے کا ٹارگٹ حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف نے کہا کہ اس ہدف کو ہم کم کر دیتے ہیں میں نے کا نہیں، مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے اس ہدف کو 3.12 پر لے کر آئے، ٹیکس کی کلیکشن میں 26 فیصد اضافہ ہے، تنخواہ دار طبقے نے محصولات کی وصولی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ وزیراعظم پاکستان کا کہنا تھا ماضی میں جو کیسر زیر التوا تھیں وہ کھربوں روپے کے ہیں، اس پر کام تیزی سے شروع ہو چکا، اس وقت 34 ارب روپے ری کور کیے جا چکے ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا آئی ایم ایف پروگرام میں 3.1 بلین ڈالر آر ایس ایف کی مد میں بھی شامل کیے گئے ہیں، نائب وزیراعظم، وزیر خزانہ، دیگر متعلقہ وزرا اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتا ہوں، آئی ایم ایف کے ساتھ طے پانے والے معاہدے میں آرمی چیف کا بھی کلیدی کردار رہا۔ انہوں نے کہا کہ محصولات کی وصولی میں گزشتہ سال کی نسبت 26 فیصد اضافہ خوش آئند ہے، اس وقت محصولات کی وصولی کی شرح گزشتہ 4 سال کی بلند ترین سطح پر ہے، گزشتہ سال کے مقابلے میں اب تک 12 ارب روپے اضافی وصول کیے جا چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا ملک کو معاشی استحکام کی منزل سے ہمکنار کرنا ایک لمبی جدوجہد ہے، انتھک محنت اور لگن سے کام کرتے رہے تو پاکستان ضرور ترقی کرے گا، قرضوں کو ختم کرنا ہے اور ترقی کا راستہ بنانا ہے، یہ مشکل اور لمبی کوشش ضرور ہے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ امن قائم ہو، قرضوں کو ختم کر کے ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا ایس ایس انٹرکشن پر بھی کام ہو رہا ہے جبکہ چینی کے سیکٹر کی نگرانی کا خود جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، چینی کی سیلز ٹیکس کی چوری پر قابو پانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 3

رہنما شیخ وقاص اکرم اور دیگر کو بے آئی ٹی کی تشکیل کے خلاف کیس میں فوری ریلیف نہیں مل سکا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی رہنماؤں کو طلب کرنے والی بے آئی ٹی چیلنج کرنے کی درخواست پر فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے 21 اپریل تک جواب طلب کرلیا۔ عدالت میں دائر درخواست میں سیکرٹری داخلہ، جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم اور آئی جی اسلام آباد کو فریق بنایا گیا ہے۔ دوران سماعت وکیل نے استدعا کی کہ عدالت اگر نوٹیفکیشن معطل نہیں کرتی تو ہراساں کرنے سے روکے۔ عدالت نے شیخ وقاص اکرم و دیگر کو بے آئی ٹی میں پیش ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے وائرلیس چیلنج کی ہیں آپ وہاں پیش ہو کر اپنا جواب جمع کروائیں۔ جسٹس راجا انعام امین منہاس کے روبرو سماعت میں درخواست گزار کے وکیل نے دلائل میں بتایا کہ 26 جولائی کا نوٹیفکیشن چیلنج کیا ہے۔ وفاقی حکومت نے پیکا کے تحت بے آئی ٹی تشکیل دی جو آئی جی کی سربراہی میں چل رہی ہے۔ سیکشن 30 کے تحت بے آئی ٹی غیر قانونی ہے۔ بے آئی ٹی تشکیل کا نوٹیفکیشن سیکشن 30 کے بھی منافی ہے۔ وکیل نے کہا کہ رول ٹو کے مطابق الیکٹرانک کرائم سے متعلق مجاز افسر ڈی ہونا چاہیے، جس پر عدالت نے استفسار کیا کہ آپ کہہ رہے یہاں رولز کی بھی خلاف ورزی ہوئی ہے؟ وکیل نے بتایا کہ جی بالکل رولز کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے بتایا کہ بے آئی ٹی نے سوشل میڈیا مہم سے متعلق تحقیقات کرنا تھیں۔ بے آئی ٹی ہیڈ کرنے والا انویسٹی گیشن ایجنسی کا افسر ہونا چاہیے، آئی جی ہیڈ ہی نہیں کرسکتا۔ سائبر کرائم سے متعلق تحقیقات ایف آئی اے اور انویسٹی گیشن ایجنسی کرتی ہے پولیس نہیں۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کا یہ سارا کام ہے۔ کبھی کہتے ہیں پرانی ایجنسی ختم ہوگئی، نئی آگئی کبھی کہتے ہیں پرانی بحال ہوگئی ہے۔ بعد ازاں عدالت نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت 21 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ 4

لیول معاہدہ طے پاگیا ہے عالمی مالیاتی فنڈ کے مطابق آئی ایم ایف کی ٹیم کی قیادت نیتھن پورٹر نے کی معاہدے کی حتمی منظوری آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ دے گا منظوری کی صورت میں پاکستان کو توسیعی فنڈ فیسیلٹی کے تحت 1 ارب ڈالر فراہم کیے جائیں گے پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی اور آفات سے نمٹنے کے لیے 28 ماہ کی ارینجمنٹ کے تحت 1.3 ارب ڈالر ملیں گے۔ پروگرام کے تحت مجموعی قرض کی رقم 2 ارب ڈالر ہوجائے گی یہ توسیعی فنڈ فیسیلٹی ارینجمنٹ 37 ماہ کے لیے ہوگا آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ پاکستان میں افراط زر 2015 کے بعد سے کم ترین سطح پر ہے، 18 ماہ کے دوران پاکستان نے چیلنجز کے باوجود میکرو اکنامک استحکام کی بحالی میں پیش رفت کی آئی ایم ایف نے کہا کہ پاکستان میں اقتصادی صورتحال بہتر ہوئی ہے اقتصادی سرگرمیاں بتدریج بڑھنے کا امکان ہے البتہ پاکستان کو ماحولیات سے متعلق خطرات کا تحال سامنا ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے کہا کہ اصلاحات پر عمل درآمد اور پاکستان کے سماجی تحفظ کو فروغ دینے کیلئے پرعزم ہیں، قدرتی آفات کے خلاف پاکستان کی مدد کریں گے، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے بجٹ اور سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے حمایت جاری رکھیں گے آئی ایم ایف نے کہا کہ توانائی کے شعبے کی اصلاحات کیلئے بھی پاکستان کی کوششوں کی حمایت کریں گے اعلامیہ کے مطابق یہ معاہدہ پاکستان کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے جس کے تحت نہ صرف معیشت کی بحالی کو ممکن بنایا جاسکتا ہے بلکہ مستقبل میں مالیاتی خودمختاری کے اہداف بھی حاصل کیے جاسکیں گے قرض پروگرام پر عملدرآمد سے توانائی کے نرخوں میں کمی آسکے گی، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے بچنے کیلئے نیا قرض پروگرام معاون ثابت ہوگا۔ آئی ایم ایف کی جانب سے کہا گیا ہے کہ سخت مانیٹری پالیسی کے باعث مہنگائی کی شرح کو کنٹرول کیا جاسکے گا، پاکستان کو سماجی تحفظ، تعلیم اور صحت کے شعبے کا بجٹ بڑھانا ہوگا، پاکستان کو پانی کے استعمال کو موثر اور بہتر بنانے کی ضرورت ہے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے اہداف حاصل کیے گئے کم جولائی 2025 سے زرعی آمدن پر انکم ٹیکس کی وصولی یقینی بنانا ہو گی، دریں اثنا آئی ایم ایف سے معاہدہ ہونے کے بعد وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان آئی ایم ایف پروگرام پر سختی سے کاربند رہتے اور ملک کو پیداواری اور برآمدی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پرعزم ہیں وزیر خزانہ نے کہا کہ پالیسیاں، توانائی اور سرکاری اداروں سے متعلق اصلاحات جاری رکھیں گے۔

بقیہ 5

جان کی بازی ہار چکے۔ عرب میڈیا کے مطابق مقبوضہ مغربی کنارے میں بھی اسرائیلی مظالم جاری ہیں، اسرائیلی دہشتگرد مقبوضہ مغربی کنارے میں ایمبولینس روک کر ہسپتال عملے پر تشدد کرتے رہے۔ یاد رہے کہ غزہ میں شہادتوں کی مجموعی تعداد 50 ہزار 144 ہوگئی، جبکہ 1 لاکھ 13 ہزار 704 فلسطینی زخمی ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی دہشتگردی کو دنیا کے سامنے لا کر آسکر ایوارڈ جیتنے والے فلسطینی ڈائریکٹر کو گرفتار کرلیا گیا، فلسطینی ڈائریکٹر حمدان بلال پر نقاب پوش اسرائیلی آبادکاروں نے حملہ کر کے انہیں شدید زخمی کردیا۔

بقیہ 6

زیر صدارت امن وامان سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس میں چیف سیکرٹری، آئی جی پی، ایڈیشنل چیف سیکرٹریز، متعلقہ انتظامی سیکرٹریز اور آر پی اوز نے شرکت کی۔ دوران اجلاس دہشت گردی کے خاتمے اور امن وامان کی بحالی کیلئے صوبائی ایکشن پلان کو حتمی شکل دے دی گئی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ایکشن پلان میں 18 مختلف موضوعات پر کل 84 اقدامات تجویز کیے گئے ہیں، ایکشن پر عملدرآمد کیلئے تمام متعلقہ صوبائی محکموں اور وفاقی اداروں کو نائم لائنز کے ساتھ ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں، ایکشن پلان کے تحت ریاستی نظام پر عوام کے اعتماد کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ایکشن پلان کے تحت دہشتگردوں کو سزائیں دینے کیلئے ریاستی اداروں کی استعداد کو عملی طور پر نمایاں کیا جائے گا، شرپسندوں کے خلاف کارروائی بیک آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، دہشتگردی کا قلع قمع کرنے کیلئے قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سیکیورٹی اور ڈیولپمنٹ سے متعلق امور میں عوامی رائے کو شامل کیا جائے گا، دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف منظم کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کا جامع ڈیٹا بیس مرتب کیا جائے گا، ماہانہ بنیادوں پر دہشتگردوں کے سروں کی قیمتوں کے کیسز کا جائزہ لیکر انہیں اپڈیٹ کیا جائے گا۔ ایکشن پلان کے مطابق دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کی جائے گی، دہشتگردوں کی سہولت کاری میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف سخت انضباطی کارروائیاں کی جائیں گی، اضلاع کی سطح پر ماہانہ ڈسٹرکٹ سیکیورٹی اسسمنٹ کی جائے گی۔ ایکشن پلان کے تحت سول انتظامیہ کو دہشتگردی کے خلاف لیڈ رول دیا جائے گا، پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کی استعداد کار میں فاسٹ ٹریک بنیادوں پر اضافہ کیا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اس مہینے کے آخر تک پولیس میں بھرتیوں، ٹریننگ، اسلحے اور آلات کی خریداری کا پلان ترتیب دیا جائے گا، جنوبی اور ضم اضلاع میں پولیس انفراسٹرکچر کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ترجیحی منصوبے شامل کیے جائیں گے۔

بقیہ 7

عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کردی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کی نجکاری کمیٹی کا اجلاس ہوا جہاں قومی ایئر لائن کی نجکاری کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے قومی ایئر لائن کی نجکاری کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کی اور فیصلہ کیا کہ قومی ایئر لائن کے 51 فیصد شیئر فروخت کیے جائیں گے۔ کمیٹی نے نئے جہازوں کی خریداری یا لیز پر فلیٹس چھوٹ دینے کی اور خریدار کمپنی کو جہازوں کی لیزز یا خریداری پر سیلز ٹیکس سے استثنیٰ کی سفارش کی۔ نجکاری کمیٹی کو بریفنگ دی گئی کہ آئی ایم ایف کی جانب سے اس استثنیٰ پر اعتراض نہیں کیا گیا۔

بقیہ 8

کرانے والے 24 اراکین کو نااہل قرار دے دیا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق اثاثوں اور گوشواروں کی تفصیلات جمع نہ کرانے کا معاملہ الیکشن کمیشن نے قومی اسمبلی کے 10 سابق ارکان، سندھ اسمبلی کے 7 اور بلوچستان اسمبلی کے 7 سابق ممبران کو نااہل قرار دے دیا۔ سابق ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی تفصیلات جمع کرانے تک عام انتخابات، ضمنی انتخابات اور سینٹ الیکشن میں حصہ نہیں لے سکیں گے جبکہ مالی سال 2022-23 کے اثاثوں کی تفصیلات کے فارم پی جمع نہ کرانے تک یہ ارکان نااہل رہیں گے۔ الیکشن کمیشن نے تحلیل قومی اسمبلی کے سابق ارکان نرم دستگیر خان، محسن نواز رانجھا اور محمد عادل کو نااہل قرار دیا الیکشن کمیشن نے سابق ارکان قومی اسمبلی رانا محمد اسحاق خان، کمال الدین اور عصمت اللہ کو بھی نااہل قرار دیا۔ الیکشن کمیشن نے قومی اسمبلی کے سابق اراکین ثمینہ مطلوب، نصیبہ، شمیم آرا پنہور اور روبینہ عرفان کو بھی نااہل قرار دیا۔ الیکشن کمیشن نے تحلیل صوبائی اسمبلی سندھ کے سابق رکن عدیل احمد، حزب اللہ بھگیو اور اسلان تاج حسین، عارف مصطفیٰ جتوئی اور عمران علی شاہ کو بھی نااہل قرار دیا الیکشن کمیشن نے سندھ اسمبلی کے سابق ارکان علی غلام اور طاہرہ کو بھی نااہل قرار دیا۔ بلوچستان اسمبلی کے سابق رکن میر سکندر علی، میر محمد اکبر اور سردار یار محمد رند، عبدالرشید، عبدالواحد صدیقی، میر بھال اور بی پی شاہینہ کو بھی نااہل قرار دے دیا

بقیہ 9

کم آمدنی والے 79 فیصد ممالک میں غذائی اشیا کی قیمتوں میں 5 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ غذائی تحفظ سے متعلق عالمی بینک کی حالیہ رپورٹ میں کہا گیا ہے نومبر 2024ء سے فروری 2025ء تک کے اعداد و شمار کے مطابق کم آمدنی والے 79 فیصد ممالک میں خوراک کی قیمتوں میں 5 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ درمیانہ آمدنی اور اعلیٰ آمدنی والے ممالک میں بالترتیب 50 اور 10، 9 ممالک میں خوراک کی قیمتیں کم ہوئی ہیں، زرعی اجناس، اناج اور برآمدی قیمتوں کے اشاریوں میں بالترتیب 8، 4 اور 11 فیصد کی کمی آئی ہے، بکری اور گندم کی قیمتیں تین فیصد اور چاول کی قیمت میں 7 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ اس ضمن میں بتایا گیا ہے کہ عالمی بینک نے 90 ممالک میں غذائی تحفظ کیلئے اپنی سرگرمیوں میں اضافہ کیا ہے جن میں فوری مدد فراہم کرنے کیلئے سماجی تحفظ کے منصوبوں اور زرعی پیداوار میں اضافہ اور موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے طویل مدتی لچکدار حکمت عملیوں کو فروغ دینا شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق عالمی بینک کے ان اقدامات سے 296 ملین افراد کو فائدہ پہنچنے کی توقع ہے۔ عالمی بینک نے زراعت میں قدرتی حل کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے حالیہ بلاگ میں عالمی بینک نے 60 برسوں کی مسلسل ترقی کی بات کی ہے جس میں مکئی، چاول، سویابینز اور گندم کی پیداوار میں اضافے کی وجہ سے زراعت میں بہتری آئی ہے لیکن مستقبل میں ان پیداواروں میں سست روی کا خطرہ بھی ظاہر کیا ہے۔ رپورٹ میں عالمی سطح پر غذائی تحفظ کے بحران کو حل کرنے کیلئے عالمی بینک کے اقدامات اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

بقیہ 10

ریلوے سٹیشن کا دورہ کیا۔ چیئرمین مظہر علی شاہ اور سی ای او ریلوے امیر بلوچ بھی وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے ہمراہ کوئٹہ ریلوے سٹیشن پہنچے۔ وفاقی وزیر ریلوے اور دیگر حکام نے حملے سے متاثرہ جعفر ایکسپریس کی بوگیوں کا معائنہ کیا۔ دوسری جانب کوئٹہ سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس 15 ویں روز بھی معطل ہے، ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی کلیئرنس نہ ملنے کے باعث ٹرین سروس معطل رکھی گئی ہے۔ یاد رہے کہ بولان میں 11 مارچ کو جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کے بعد ٹرین سروس معطل کی گئی تھی۔

بقیہ 11

شروع کی گئی ہے، جس کا مقصد شہریوں کو ان کی دہلیز پر ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا، تجدید اور لرنر پرمٹ جیسی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سہولت اسلام آباد کے مختلف تعلیمی اداروں، کالجوں، یونیورسٹیوں اور تجارتی مراکز میں فراہم کی جارہی ہے، اسلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے شہریوں کے لیے جدید سہولیات کی فراہمی قابل تحسین ہے، یہ اقدام عوام کو سہولت فراہم کرنے اور گورننس کے جدید اصولوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ مختلف اداروں میں ایسی مزید عوامی سہولتیں متعارف کروانے کیلئے کام جاری ہے، اسلام آباد ٹریفک پولیس کی مکینک آن ویلز سروس کی بھی قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکینک آن ویلز سروس مرکزی شاہراہوں پر گاڑیوں کو فوری مدد فراہم کررہی ہے، شہری ان جدید سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، شہری ان سہولیات سے مستفید ہونے کے لیے ہیلپ لائن 1915 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 12

جیسا حال ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ذات کے ساتھ لوگ جڑے ہوئے ہیں، سلمان اکرم راجہ پانامہ میں نواز شریف کے وکیل تھے، ان کو سیاست کا پتہ نہیں، سلمان اکرم راجہ سے جو اختلاف کرتا ہے اسے نکال دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت میں انڈر ٹیکنگ دینا غلط تھا، کور کمیٹی میں مشاورت کے بعد انڈر ٹیکنگ نہیں دینی چاہیے تھی، میں نے تو بانی پی ٹی آئی سے کہا پہلے ایک بیان بزدار اب آپ نے کئی شامل کر لیے، وکیلوں کو بھاری فیسیں دیں لیکن میڈیا سیل کو بند کردیا گیا، یہ اتھوں کا اجتماع ہے ان کو کوئی عقل نہیں۔ فواد چودھری نے کہا کہ بانی کو جیل میں 600 دن ہو گئے، باہر ہونا چاہیے تھا، موجودہ لیڈر شپ کے ہوتے ہوئے کسی کامیابی کی امید نہیں رکھی جاسکتیں، عمران خان نے گرینڈ ڈائیلاگ کی میری تجویز سے اتفاق کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ لیڈر شپ ایک سال میں سیاسی اثاثہ نہیں بنا سکی، عمران خان کو باہر نکالنے کی آخری سنجیدہ کوشش بشریٰ بی بی نے کی ہیں، موجودہ لیڈر شپ کا ایک ہی کام لوگوں کو پارٹی سے نکالنا ہے، بائیکاٹ نے کہا ہے جیل سے کسی کے باہر آکر سیاسی گفتگو نہیں کریں گے۔

بقیہ 13

دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ والدین کا بچھڑ جانا ایک ناقابل تلافی نقصان اور بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا کبھی بھی پر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی گھڑی میں وہ نوید اکبر اور ان کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی

بقیہ 14

پلان پر قومی اتفاق رائے ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت سستی چینی کے دعوے تو کرتی ہے مگر شوگر مافیا اس پر بھاری ہے، جس کے باعث عوام مہنگی چینی خریدنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بجلی سستی کرنے کے محض اعلانات نہ کرے بلکہ عملی اقدامات اٹھائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ کسانوں کے مسائل پر بات کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ انہیں گندم کی جائز قیمت دی جائے۔ لیاقت بلوچ نے مزید کہا کہ حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی نہ کر کے عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالا ہے۔

بقیہ 15

ممالک تمام یہودی مصنوعات کے بائیکاٹ کا اعلان کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد حنفیہ میں نماز تراویح کے اختتام پر حاضرین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ غزہ بحران فلسطینیوں کا نہیں عالم اسلام اور بالخصوص مسلم حکمرانوں کا امتحان ہے، بحیثیت اسلامی برادری ہم اس میں کسی طرح کی ناکامی کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ تاریخ کے اوراق گواہ ہیں باری باری مسلمان ملکوں کو تختہ مشق بنایا گیا اور وسائل ہڑپ کرنے کیلئے ان کی اینٹ سے اینٹ بجائی گئی لہٰذا اس بدترین جارحیت کیخلاف بھرپور مزاحمت ناگزیر ہے۔

بقیہ 16

والے تمام بچوں میں نقد انعامات تقسیم کیے گئے، پروگرام کی نظامت کے فرائض سیکرٹری این پی سی نیئر علی نے سرانجام دیے، اس موقع پر صدر این پی سی اظہر جتوئی کا کہنا تھا کہ بیشنل پریس کلب کی یہ روایت رہی ہے کہ وہ اپنے ممبران اور انکی فیملیز کی تفریح اور انہیں خوشیاں فراہم کرنے کیلئے مواقع کی تلاش میں رہتا ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ سلسلہ رمضان فیملی فیسٹیول یا عید ملن پارٹی کی صورت میں جاری رہتا ہے، یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، سیکرٹری نیئر علی نے کہا کہ این پی سی انتخابات میں مصروفیت کی وجہ سے اس سال رمضان فیملی فیسٹیول کی تیاری کیلئے زیادہ وقت نہیں مل سکا اس کے باوجود این پی سی کی قیادت نے اپنے کائد افضل بٹ کی ہدایات پر اپنے ممبران اور انکی فیملیز کیلئے اس پروگرام کو حتمی شکل دی اور ہم راولپنڈی کے بعد آج اسلام آباد میں بھی اپنے ممبران کی فیملیز کی میزبانی کررہے ہیں جو کہ ہمارے لئے خوشی و مسرت کا باعث ہے، فنانس سیکرٹری وقار عباسی نے کہا کہ این پی سی رمضان فیملی فیسٹیول اب ایک برانڈ بن چکا ہے جسکا ممبران اور انکی فیملیز سارا سال انتظار کرتے ہیں، رمضان فیملی فیسٹیول پروگرام کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر مملکت برائے بین المذاہب ہم آہنگی اور مذہبی امور کھیل داس کوہستانی، سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر عبدالقیوم نیازی، صدر پی پی پی آزاد کشمیر چوہدری لیسین، سابق صدر اسلام آباد تجمیر ظفر بخاوری، سیف الرحمان عطاری گروپ اور پیر عاصم گیلانی تھے جبکہ تقریب میں پی ایف یو جے کے صدر افضل بٹ، صدر این پی سی اظہر جتوئی، سیکرٹری فنانس وقار عباسی، سابق صدور طارق چوہدری، انور رضا، شہریار خان سمیت ایگزیکٹو اور گورننگ باڈی کے اراکین اور دیگر ممتاز سیاسی، سماجی، مذہبی اور کاروباری شخصیات شامل تھیں، اسلام آباد میں ہونے والے این پی سی رمضان فیملی فیسٹیول میں دوسو سے زائد فیملیز کے سات سو سے زائد بچوں نے شرکت کرکے تقریب کو چاند چاند لگا دیئے، پروگرام میں شرکت کرنے والے تمام بچوں کو نقد انعامات اور سرٹیفکیٹ دیئے گئے، پروگرام میں شرکت کرنے والے ممبران نے این پی سی کے این پی سی رمضان فیسٹول کو سراہتے ہوئے این پی سی کے صدر اظہر جتوئی، سیکرٹری نیئر علی اور فنانس سیکرٹری وقار عباسی سمیت پوری باڈی کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا اور اس سلسلے کو مستقبل میں بھی جاری رکھنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 17

جاری کی ہے کہ اس پالیسی پر دوبارہ غور کیا جائے۔ اویس لغاری نے کہا کہ سولر نیٹ میٹرنگ سے متعلق پالیسی پر دوبارہ غور کیا جائے گا، ای سی سی نے سولر نیٹ میٹرنگ سے متعلق نئی پالیسی کی منظوری دی تھی۔ نئی پالیسی کے تحت سولر نیٹ میٹرنگ صارفین سے حکومت نے 10 روپے فی یونٹ بجلی خریدنی تھی، پالیسی پر غور وفکر کے بعد اس کو دوبارہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 18

پروگرام سے عمل وستبرداری کے لیے دو ماہ کی مہلت دی ہے، ایران کے پاسداران انقلاب (IRGC) نے اس تنصیب کو "میزائل سٹی" قرار دیا ہے، جہاں جدید ہتھیاروں سے لیس طویل سرنگیں موجود ہیں۔ ایرانی سرکاری میڈیا کی جانب سے نشر کی گئی 85 سیکنڈ کی ویڈیو میں ایران کے اعلیٰ فوجی افسران، میجر جنرل محمد حسین باقری اور آئی آر سی سی ایرو سپیس فورس کے سربراہ امیر علی حاجی زادہ کو اس خفیہ اڈے کا معائنہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ اس ہتھیاروں کے ذخیرے میں ایران کے جدید ترین میزائل شامل ہیں، جن میں خیبر شکن، قدر-H، عمیل اور پاوہ لینڈ اٹیک کروز میزائل شامل ہیں، یہی وہ میزائل ہیں جنہیں حالیہ حملوں میں اسرائیل کے خلاف استعمال کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ نومبر 2020 میں ایران نے پہلی بار اپنے زیر زمین فوجی منصوبوں کی نقاب کشائی کی تھی، جب ایک خفیہ لانچ میزائل تنصیب کی ویڈیو سامنے آئی تھی، اس تنصیب میں وسیع زیر زمین سرنگوں کے ذریعے خودکار ریل سسٹم کے ذریعے میزائل لانچ کے لیے تیار کیے جاتے تھے۔ تین سال بعد، تہران نے ایک اور اسٹریٹیجک مضبوط قلعہ متعارف کروایا، جو زیر زمین ایک وسیع فوجی اڈہ تھا، جہاں جنگی طیاروں کو محفوظ رکھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔

بقیہ 19

ہے۔ 25 مارچ 2025 کو جاری ہونے والی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 'را' منظم طور پر سکھوں، مسلمانوں، دلتوں اور مسیحیوں کو نشانہ بنا رہی ہے، جس سے عالمی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ 'را' نے حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر بھارتی میڈیا کو کنٹرول کیا اور داخلی تنقید کو دبانے کے لیے خفیہ نگرانی، جھوٹے مقدمات اور خوف وہراس کی پالیسی اپنائی۔ رپورٹ کے مطابق بھارت میں اقلیتوں پر حملوں اور نفرت انگیز جرائم میں 70 فیصد اضافہ ہوا ہے، اور 1200 سے زائد نفرت انگیز واقعات سامنے آئے ہیں، جن میں براہ راست 'را' کے ملوث ہونے کے شواہد ملے ہیں۔ امریکی کمیشن نے متنبہ کیا کہ 'را' کی سرگرمیاں نہ صرف بھارت بلکہ عالمی سطح پر بھی انسانی حقوق اور امن کے لیے خطرہ بن چکی ہیں۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ 1100 سے زائد اقلیتی رہنماؤں کو نشانہ بنایا گیا اور اقلیتوں کے حقوق سے متعلق ڈیٹا میں ردوبدل کر کے عالمی سطح پر پروپیگنڈا پھیلایا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے بعد عالمی سطح پر بھارت پر سفارتی دباؤ بڑھنے کا امکان ہے، کیونکہ یہ انکشافات بھارتی حکومت کے اقلیت دشمن ایجنڈے کو بے نقاب کرتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر امریکہ اور یورپی ممالک نے اس رپورٹ پر عملی قدم اٹھایا تو 'را' پر عالمی سطح پر سخت پابندیاں عائد ہوسکتی ہیں۔

بقیہ 20

والے ہیڈ کانسٹیبل کا نام احسان اللہ تھا جبکہ زخمی ہونے والے کانسٹیبل کا نام رفیع اللہ ہے۔ پولیس کے مطابق شہید اور زخمی ہونے والے کانسٹیبل کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جبکہ پولیس پر فائرنگ کرنے والے نامعلوم افراد کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔ ایک دوسرے واقعے میں تھانہ صدر کی حدود رتہ کلاچی میں پولیس اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ کارروائی کی۔ پولیس کے مطابق مقتول افراد کی اطلاع پر پولیس اور سی ٹی ڈی پولیس نے چھاپہ مارا تھا، پولیس کو دیکھتے ہی مقتول افراد نے فائرنگ شروع کردی۔ ڈی پی او ڈیرہ اسماعیل خان سجاد احمد کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں ایک مبینہ حملہ آور ہلاک ہوگیا ہے جبکہ پولیس اور مقتول افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ تاحال جاری ہے۔

بقیہ 21

ہے۔ اس سے پہلے تصدیق کی گئی تھی کہ فیصل چوہدری کو بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر لیگل ٹیم سے نکال دیا گیا ہے۔ فیصل چوہدری کو پی ٹی آئی وکلا کے وا

City News

سٹی نیوز

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت اسلام آباد کی ہیوٹیفکیشن F-9 پارک سمیت دیگر پارکس کی اپ لفٹ کے حوالے سے اہم اجلاس

پاکستان کو ہارڈ اسٹیٹ بنانے کے حوالے سے اقدامات شروع

کمیٹی میں صوبائی چیف سیکریٹریز اور حساس اداروں کے نمائندے بھی شامل

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کو ہارڈ اسٹیٹ بنانے کے حوالے سے اقدامات کرنا شروع کر دیے گئے۔ ہارڈ اسٹیٹ بنانے کے حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی کے ماتحت پورے وفاقی اور صوبائی حکام پر مشتمل اعلیٰ سطح کی کمیٹی پورے پاکستان کے لیے فعال کر دی گئی ہے کمیٹی افغان شہریوں کی واپسی، اسمگلنگ کی روک تھام، تجاوزات کے خاتمے اور سعودی عرب جانے والے پاکستانی فقیروں کا خاتمہ کرے گی۔ 15 رکنی کمیٹی کی سربراہی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کریں گے، کمیٹی میں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے ہوم سیکریٹریز شامل ہیں۔ کمیٹی میں چاروں صوبوں کے چیف سیکریٹریز، حساس اداروں کے نمائندے شامل ہیں، تمام حساس اداروں کے نمائندگان، سی ٹی ڈی حکام بھی کمیٹی کا حصہ ہیں۔ کمیٹی افغان باشندوں کی وطن واپسی کے عمل کی نگرانی کرے گی، غیر قانونی پیٹرول اور اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ لے گی، سعودی عرب میں بھیک مانگنے کے رجحان کا سدباب کرے گی۔ کمیٹی صوبائی سطح پر فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ڈیجیٹلائزیشن کا بھی جائزہ لے گی، کمیٹی تمام معاملات میں نقائص کی نشاندہی کر کے سفارشات مرتب کرے گی۔

ڈی سی مری کا اسپیشل ایجوکیشن سنٹر جھیکا گلی کا دورہ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے ہمراہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صفیر اسپیشل ایجوکیشن سنٹر جھیکا گلی کا دورہ کیا اور بچوں میں تحائف تقسیم کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی مری نے اے ڈی سی جی مری کے ہمراہ اسپیشل ایجوکیشن سنٹر جھیکا گلی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری نے اسپیشل ایجوکیشن سنٹر کے خصوصی بچوں سے ملاقات کی اور مختلف کلاسسز کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر مری نے بچوں میں عید کے تحائف تقسیم کیے۔

فیصل چوہدری کو بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر لیگل ٹیم سے نکال دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) فیصل چوہدری کو بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت پر لیگل ٹیم سے نکال دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق یہ فیصلہ اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے وکلاء کی ملاقات کے دوران کیا گیا، سلمان اکرم راجہ نے فیصل چوہدری کے بیانات سے متعلق بانی پی ٹی آئی کو آگاہ کیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے فیصل چوہدری کو وکلا ٹیم سے نکالنے کی منظوری دی۔ فیصل چوہدری کو پی ٹی آئی وکلا کے واٹس ایپ گروپ سے بھی نکال دیا گیا، ان سے کیسز اور دیگر قانونی ذمہ داریاں واپس لے لی گئیں۔ ذرائع کے مطابق وکلاء کی ملاقات کے دوران مشال یوسفزئی کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی۔

پروموشن لسٹ سی ٹو میں درج کرنے کے احکامات جاری

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات پر ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپانے سی پی او اور راولپنڈی کی مرتب کردہ سفارشات کی روشنی میں راولپنڈی ضلع کے 294 کانسٹیبلان کو پروموشن لسٹ سی ٹو میں درج کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ اہلکاروں کو آئی جی پنجاب کے جاری کردہ ایس او پی کے مجوزہ طریقہ کار، کارکردگی و معیار پر پورا اترنے کے بعد سی ٹی پروموشن لسٹ میں اندراج کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات پر ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپانے سی پی او اور راولپنڈی کی مرتب کردہ سفارشات کی روشنی میں راولپنڈی ضلع کے 294 کانسٹیبلان کو پروموشن لسٹ سی ٹو میں درج کرنے کے احکامات جاری کر دیے، اہلکاروں کو آئی جی پنجاب کے جاری کردہ ایس او پی کے مجوزہ طریقہ کار، کارکردگی و معیار پر پورا اترنے کے بعد سی ٹی پروموشن لسٹ میں اندراج کیا گیا، آر پی او راولپنڈی نے ترقی پانے والے اہلکاروں کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ آئندہ بھی مزید محنت اور جذبے کے ساتھ عوام کو بہترین خدمات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھیں۔

راولپنڈی: ایس پی ہیڈ کوارٹرز سردار بابر ممتاز کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں فورس کو بریفنگ،

ملک کو معاشی استحکام کی منزل سے ہمکنار کرنا ایک طویل جدوجہد ہے

وزیر اعظم کا آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تنخواہ دار طبقے اور عام آدمی نے بوجھ برداشت کیا، گزشتہ سال کے مقابلے میں اب تک 12 کھرب روپے اضافی وصول کئے جا چکے ہیں، ملک کو معاشی استحکام کی منزل سے ہمکنار کرنا ایک طویل جدوجہد ہے، ہمیں قرضوں کو ختم کر کے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ہوگا، پاکستان بہت جلد اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کر لے گا، رمضان پیکج کے حوالے سے ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ ڈیجیٹل والٹ کا اجراء کیا گیا، پیکج کے تحت 20 ارب روپے میں سے 60 فیصد رقم تقسیم کی جا چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر کی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ وزیر اعظم نے وفاقی کابینہ کی طرف سے چیف آف آرمی سٹاف کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے معاونین خصوصی سمیت وفاقی کابینہ کے تمام شرکا کا خیر مقدم کرتے ہوئے کابینہ کو بتایا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ گزشتہ شب سٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ نائب وزیر اعظم، وزیر خزانہ، دیگر متعلقہ وزراء اور حکام کے شکر گزار ہیں جنہوں نے دن رات کام کیا۔ آئی ایم ایف کے ساتھ طے پانے والے معاہدے میں آرمی چیف کا بھی کلیدی کردار رہا، دن رات کی محنت اور ایک ٹیم ورک کے نتیجے میں کامیابی حاصل ہوئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آئی ایم ایف معاہدے کے حوالے سے افیار کے اوتھے ہتھکنڈوں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔

راولپنڈی: سی پی او سید خالد ہمدانی کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

27 رمضان المبارک، لیلۃ القدر پر محترمہ سعدیہ راشد کا پیغام

اس دن کو یوم استقلال پاکستان کے طور پر منانا، اللہ کی اس عظیم نعمت کا شکر ادا کرنے کے مترادف ہے

کراچی (نمائندہ) آج رمضان المبارک کی بابرکت 27 ویں شب ہے، جو دنیا بھر کے انسانوں کے لیے ایک عظیم سعادت ہے۔ یہ وہ متبرک رات ہے جس میں اللہ رب العزت نے اپنی ہدایت اور رحمت کے دروازے کھولے، اپنے احکامات نازل فرمائے اور نوع انسانی کو آزادی و حریت کی نعمت سے سرفراز کیا۔ اسی رات قرآن عظیم جیسا ابدی ضابطہ حیات مرحمت فرما کر انسانوں کو ذہنی و جسمانی غلامی سے ہمیشہ کے لیے نجات کا راستہ دکھایا۔ فلاح انسانیت انسانیت کی اسی مقدس رات میں رب کائنات نے مسلمانان برصغیر پر بھی اپنا خاص احسان فرمایا اور ہمیں قیام پاکستان کی نعمت عطا کی۔ ہماری کوتاہیوں اور غفلتوں کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ہمیں اسلام کے احیاء و استحکام کے لیے ایک آزاد ریاست کا تحفہ دیا، تاکہ ہم اپنے دینی، اخلاقی اور قومی فرائض کو بہتر طور پر انجام دے سکیں۔ 27۔ رمضان المبارک، جو کہ یوم نزول قرآن بھی ہے، اسی روز پاکستان کا حقیقت بننا کوئی اتفاق نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک ازلی اور ابدی رشتہ ہے جو اس مقدس سرزمین اور قرآن کے احکامات کو آپس میں جوڑتا ہے۔ اس دن کو یوم استقلال پاکستان کے طور پر منانا، اللہ کی اس عظیم نعمت کا شکر ادا کرنے کے مترادف ہے۔ بانی ہمدرد پاکستان، شہید حکیم محمد سعید نے اسی حقیقت کو محسوس کرتے ہوئے یوم استقلال پاکستان کی تحریک کا آغاز کیا۔ جب انھوں نے دیکھا کہ قیام پاکستان کے اصل مقاصد کو پس پشت ڈال دیا گیا ہے، تو انھوں نے ملت پاکستان کو اس نظریے کی یاد دہانی کرانے کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔ انھوں نے نہ صرف فکری طور پر اس پیغام کو عام کیا، بلکہ ایک میدان عمل بھی فراہم کیا، جہاں یوم استقلال پاکستان کو دینی اور ملی جذبے کے ساتھ منانے کی تحریک شروع کی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی ہمدرد پاکستان کے تمام دفاتر اور درس گاہوں میں یوم استقلال پاکستان کو خصوصی طور پر منایا جاتا ہے، تاکہ نئی نسل کو پاکستان کی اصل شناخت اور اس کے قیام کے مقاصد سے روشناس کرایا جا سکے۔ یہ ہم سب کا قومی اور دینی فریضہ ہے کہ ہم 27۔ رمضان کو یوم استقلال کے طور پر منائیں، کیوں کہ یہ حقیقت کے عین مطابق ہے اور ہمیں پاکستان کی حقیقی تصویر دنیا کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس دن ہم اپنی نسلوں میں اس میثاق ازل کی یاد تازہ کر سکتے ہیں، جس کی بنیاد پر یہ پاک سرزمین ہمیں عطا ہوئی۔ آج اجر عظیم کی اس رات ہمیں چاہیے کہ اپنی عبادات میں اپنی کوتاہیوں پر اللہ سے مغفرت طلب کریں، خاص طور پر ان غلطیوں کی، جن کی وجہ سے ہم قرآنی احکامات اور قیام پاکستان کے اصل مقصد کو بھلا بیٹھے ہیں۔ ہم نے اپنی اجتماعی قوت کو ضائع کر کے لسانی و علاقائی تعصب کو فروغ دیا، جس کی وجہ سے قوم انتشار کا شکار ہو گئی۔ آج پاکستان کی ترقی و سلامتی کے لیے خصوصی دعاؤں کے ساتھ ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم اللہ کی عطا کردہ نعمت پاکستان کا شکر ادا کریں گے۔ اس کی ترقی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے اور اپنی زندگی کو احکام الٰہی کے تابع بنائیں گے۔ اگر ہم اس احساس ذمے داری کے ساتھ آگے بڑھیں، تو پاکستان وہ مثالی اسلامی ریاست بن سکتا ہے، جس کا خواب قائد اعظم محمد علی جناح، علامہ محمد اقبال اور شہید حکیم محمد سعید نے دیکھا تھا اور جس کے قیام و استحکام کے لیے لاکھوں مسلمانوں نے قربانیاں دیں۔

پاکستان جدہ میں عالمی ادارہ صحت کے ساتھ مل کر گلوبل ہیلتھ اکیڈمی بنانا چاہتا

بیماریوں کی کوئی سرحد نہیں ہوتی۔ پاکستان کو بیماریوں سے پاک کرنے کا پختہ عزم کر رکھا ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ گلوبل ہیلتھ سیکورٹی کے حوالے پاکستان جدہ میں عالمی ادارہ صحت کے ساتھ مل کر گلوبل ہیلتھ اکیڈمی بنانا چاہتا ہے۔ ڈبلیو ایچ او اس اقدام کیلیے پاکستان کو بھرپور ٹیکنیکل سپورٹ فراہم کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی ادارہ صحت ایمرو ریجن کی ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر حنان بلخی سے ٹیلیفونک رابطہ پر کیا۔ ریجنل ڈائریکٹر عالمی ادارہ صحت نے مصطفیٰ کمال کو وزارت صحت کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ دونوں رہنماؤں نے صحت کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ وزیر صحت نے ریجنل ڈائریکٹر کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔ انھوں نے یہ دعوت قبول کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آکر خصوصی طور پر درپیش ہیلتھ چیلنجز اور صحت کے شعبے میں اہداف کے حصول پر بات چیت ہوگی۔ وزیر صحت نے کہا کہ بیماریوں کی کوئی سرحد نہیں ہوتی۔ پاکستان کو بیماریوں سے پاک کرنے کا پختہ عزم کر رکھا ہے۔ گلوبل ہیلتھ سیکورٹی کے حوالے پاکستان جدہ میں عالمی ادارہ صحت کے ساتھ مل کر گلوبل ہیلتھ اکیڈمی بنانا چاہتا ہے۔ ریجنل ڈائریکٹر ڈبلیو ایچ او نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت اس اقدام کے لیے پاکستان کو بھرپور ٹیکنیکل سپورٹ فراہم کرے گا۔ پاکستان میں بیماریوں کا بوجھ روز بروز بڑھ رہا ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ اس مقصد کے لیے تمام تر صلاحیتیں اور کوششیں بروئے کار لا رہے ہیں۔

اسلام آباد: ٹریفک پولیس غلط پارکنگ پر گاڑی کو لفٹر سے ہٹا رہی ہے

غیر قانونی گیس ری فلنگ، پٹرول ایجنسیاں چلانے والے 14 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے سلنڈر، موٹریں اور دیگر سامان برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پنجاب حکومت کے احکامات کے پیش نظر راولپنڈی پولیس کا غیر قانونی گیس ری فلنگ اور پٹرول ایجنسیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، غیر قانونی گیس ری فلنگ اور پٹرول ایجنسیاں چلانے والے 14 ملزمان گرفتار کر کے سلنڈر، موٹریں اور دیگر سامان برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کے احکامات کے پیش نظر راولپنڈی پولیس کا غیر قانونی گیس ری فلنگ اور پٹرول ایجنسیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، غیر قانونی گیس ری فلنگ اور پٹرول ایجنسیاں چلانے والے 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ملزمان میں سلیمان، خالد، زبیر دین، احسان، فرمان، ابرار، نثار، الیاس، ابرار، عبدالباسط، بہرام شہزاد، عبدالواحد، رضوان اور شفیق شامل ہیں، ملزمان سے سلنڈر، موٹریں اور دیگر سامان برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ غیر قانونی گیس ری فلنگ اور پٹرول ایجنسیوں کی دکانوں کو سیل کرنے کے پراسیس کا آغاز کر دیا گیا ہے، شہریوں کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا آغاز کیا گیا ہے۔

شہری کے گھر فائرنگ کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس نے سابقہ رنجش کی بنا پر شہری کے گھر فائرنگ کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش کی بنا پر شہری کے گھر فائرنگ کرنے والے ملزم قیصر کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول محمد حسیب راجہ نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

تاش پر جوا کھیلنے والے 12 قمار باز گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) آر اے بازار پولیس نے تاش پر جوا کھیلنے والے 12 قمار باز گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 15 ہزار 660 روپے، 03 موبائل فون اور تاش کے برآمد کر لی، موقعہ سی 2 موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلنے والے 12 قمار بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں ابوبکر، عبد الخالق، عمر، آزاد، عدنان، بلال، طٰہٰ ساجد، صالح، زین، احمد، سنیل اور زعفران شامل ہیں، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 15 ہزار 660 روپے، 03 موبائل فون اور تاش کے برآمد، موقعہ سے 02 موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لے گئے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی کا رمضان سہولت بازاروں کا دورہ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول اینڈ کمیونٹیز مینجمنٹ سلمیٰ بٹ نے راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کیا۔ معاون خصوصی نے حیدری چوک اور اقبال پارک راولپنڈی میں قائم رمضان سہولت بازار کا دورہ کیا اور اشیائے خوردونوش کی سرکاری نرخوں کے مطابق فروخت اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اشیائے خوردونوش کے معیار کا بھی جائزہ لیا۔ معاون خصوصی نے رمضان سہولت بازاروں میں قائم شکایات سیل اور میڈیکل کیمپ کا بھی دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے سہولت بازار سے خریداری کرنے والوں سے سرکاری نرخوں کے حوالے سے دریافت کیا۔

طلبہ کو سمارٹ ایگریکلچر ٹیکنالوجیز پر تربیتی پروگرام مکمل کرنے پر مبارکباد

دونوں ممالک کے تعلیمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور جدید زرعی تحقیق میں بھی مدد ملے گی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے کہا ہے کہ عالمی زرعی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے نہ صرف جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھایا جائے بلکہ بین الاقوامی تعلیمی شراکت داری کو فروغ دے کر فوڈ سیکورٹی کے مسائل کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے شہر ہنگلنگ میں واقع نارتھ ویسٹ ایگریکلچر اینڈ فارسٹری یونیورسٹی (این ڈبلیو اے ایف یو) کے پانچ چینی پوسٹ گریجویٹ طلبا کے پہلے بیچ کو یونیورسٹی میں چھ ہفتے کے تربیتی پروگرام کامیابی سے مکمل کرنے پر طلبا کو مبارکباد دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے دونوں ممالک کے تعلیمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور جدید زرعی تحقیق میں بھی مدد ملے گی۔ پروفیسر قمر زمان نے چینی پروفیسر ڈاکٹر ژانگ لیکسن کا تربیتی پروگرام میں تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا۔ تربیتی پروگرام جو کہ 9 فروری سے 26 مارچ 2025 تک جاری رہا، اس میں سمارٹ ایگریکلچر ٹیکنالوجیز پر توجہ مرکوز کرنے والے پروگرام میں بوائے وی اپلی کیشنز، پریسیژن ایگریکلچر، ڈیجیٹل فارمنگ سسٹمز اور IoT پر مبنی سمارٹ فارمنگ سلوشنز جیسے جدید موضوعات پر شرکا کو تربیت فراہم کی گئی تھی۔

آئیسکو کا بجلی کی عارضی بندش کا شیڈول جاری

کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس 28، 29 اور 30 مارچ کو عارضی بجلی بندش کا شیڈول جاری کر دیا۔ بدھ کو آئیسکو ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم میٹینینس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 28 مارچ 2025 کو صبح 7 بجے تا دن 11 بجے تک راولپنڈی سٹی سرکل، گوالمنڈی، جناح روڈ، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل بکلرسٹی، دوبیرن فیڈرز صبح 8 بجے تا دن ایک بجے تک نیو چوآ و فیڈر 29 مارچ 2025 صبح 7 بجے تا دن 11 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل بکلرسٹی، دوبیرن فیڈرز، 30 مارچ 2025 کو صبح 7 بجے تا دن 11 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، RCCI-I,III&IV فیڈرز صبح 8 بجے تا دن ایک بجے تک نیو چوآ و فیڈر اور گردوفواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

اسلام آباد: اسسٹنٹ کمشنر عید الفطر کی شاپنگ کے دوران شہر کی مارکیٹ کا دورہ کر رہے ہیں

294 کانسٹیبلان کو پروموشن لسٹ سی ٹو میں درج کرنے کے احکامات جاری

آئندہ بھی مزید محنت اور جذبے کے ساتھ عوام کو بہترین خدمات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھیں

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات پر ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپانے سی پی او اور راولپنڈی کی مرتب کردہ سفارشات کی روشنی میں راولپنڈی ضلع کے 294 کانسٹیبلان کو پروموشن لسٹ سی ٹو میں درج کرنے کے احکامات جاری کر دیے، اہلکاروں کو آئی جی پنجاب کے جاری کردہ ایس او پی کے مجوزہ طریقہ کار، کارکردگی و معیار پر پورا اترنے کے بعد سی ٹی پروموشن لسٹ میں اندراج کیا گیا، آر پی او راولپنڈی نے ترقی پانے والے اہلکاروں کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آپ آئندہ بھی مزید محنت اور جذبے کے ساتھ عوام کو بہترین خدمات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھیں۔

اسلما آباد: چیف ٹریفک آفیسر کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر کا ایف ٹین مرکز کا دورہ۔

رمضان فیملی فیسٹیول کے سلسلے کے دوسرے پروگرام کا انعقاد

مقابلوں میں شرکت کرنے والے تمام بچوں میں نقد انعامات تقسیم کئے گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نیشنل پریس کلب (این پی سی) اسلام آباد کے رمضان فیملی فیسٹیول کے سلسلے کا دوسرا پروگرام این پی سی اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں ممبران اور ان کے بچوں کے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ بچوں کے مابین قرآت اور نعت شریف کے مقابلے ہوئے، مقابلوں میں شرکت کرنے والے تمام بچوں میں نقد انعامات تقسیم کئے گئے۔ پروگرام کی نظامت کے فرائض سیکرٹری این پی سی نیئر علی نے سرانجام دیئے۔ اس موقع پر صدر این پی سی اظہر جتوئی کا کہنا تھا کہ نیشنل پریس کلب کی یہ روایت رہی ہے کہ وہ اپنے ممبران اور ان کی فیملیز کی تفریح اور انہیں خوشیاں فراہم کرنے کیلئے مواقع کی تلاش میں رہتا ہے، یہی وجہ ہے کہ یہ سلسلہ رمضان فیملی فیسٹیول یا عید ملن پارٹی کی صورت میں جاری رہتا ہے، یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ سیکرٹری نیئر علی نے کہا کہ این پی سی انتخابات میں مصروفیت کی وجہ سے اس سال رمضان فیملی فیسٹیول کی تیاری کیلئے زیادہ وقت نہیں مل سکا تاہم اس کے باوجود این پی سی کی قیادت نے اپنے ممبران اور انکی فیملیز کیلئے اس پروگرام کو حتمی شکل دی۔ انھوں نے کہا کہ راولپنڈی کے بعد آج اسلام آباد میں بھی اپنے ممبران کی فیملیز کی میزبانی کر رہے ہیں جو کہ ہمارے لئے خوشی و مسرت کا باعث ہے۔ فنانس سیکرٹری وقار عباسی نے کہا کہ این پی سی رمضان فیملی فیسٹیول اب ایک برانڈ بن چکا ہے جسکا ممبران اور انکی فیملیز سارا سال انتظار کرتے ہیں۔ اسلام آباد میں ہونے والے این پی سی رمضان فیملی فیسٹیول میں دو سو سے زائد فیملیز کے تقریباً سات سو بچوں نے شرکت کر کے تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔

گنگال سروس روڈ راولپنڈی پر تجاوزات کا خاتمہ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ٹریفک کے بہاؤ کو بڑھانے اور عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایک فعال اقدام میں انفورسمنٹ سکواڈ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے گنگال سروس روڈ راولپنڈی پر تجاوزات کا صفایا و خاتمہ کر دیا ہے۔ ترجمان آر ڈی اے کے مطابق یہ آپریشن ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے کنزہ مرتضیٰ کی ہدایت پر کیا گیا۔ اس آپریشن کا مقصد امن و امان کو بحال کرنا اور پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں دونوں کے لیے نقل و حرکت کو آسان بنانا ہے۔ انفورسمنٹ سکواڈ نے، تجاوزات، شیڈز، بل بورڈز اور ریجپر کو نشانہ بناتے ہوئے مسمار کر دیا اور 65 املاک کو سربمہر کر دیا۔

سینئر صحافی نوید اکبر کے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سینیٹ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی پارٹی لیڈر اور قائمہ کمیٹی خارجہ امور کے سربراہ سینیٹر عرفان صدیقی نے پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن (پی آر اے) کے سیکرٹری جنرل اور آج ٹی وی کے سینئر رپورٹر نوید اکبر چوہدری سے ان کے والد کی وفات پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما نے نوید اکبر چوہدری اور انکے خاندان سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ والد کی وفات یقیناً ایک بڑا غم ہے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اہل خانہ کو صبر دے۔

سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا ہے کہ شہریوں کو انصاف اور سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ یہ بات سی پی او نے بدھ کو ڈی ایس پی آفس ٹیکسلا میں کھلی کچہری کی سربراہی کرتے ہوئے کی۔

ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ کی زیر صدارت کرائم میٹنگ

میٹنگ میں ایس پی انڈسٹریل ایریا زون، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ آوز اور انچارج انوسٹیگیشنز کی شرکت

اسلام آباد (نمائندہ) ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد۔ میٹنگ میں ایس پی انڈسٹریل ایریا زون، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ آوز اور انچارج انوسٹیگیشنز کی شرکت، میٹنگ میں کرائم کا جائزہ لیا گیا، افسران کو کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایات، سنگین جرائم کے انسداد اور ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں، عدم گرفتار ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے تفتیش کو میرٹ پر یکسو کریں، مقدمات کی تفتیش میں میرٹ اور شفافیت کو ترجیح دیں، ایس ایس پی انویسٹی گیشن گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لئے ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے، تمام ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں نبھائیں، فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایس ایس پی انوسٹیگیشن محمد عثمان طارق بٹ، ایس ایس پی انوسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد۔ میٹنگ میں ایس پی انڈسٹریل ایریا زون، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ آوز اور انچارج انوسٹیگیشنز کی شرکت، میٹنگ میں کرائم کا جائزہ لیا گیا، افسران کو کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایات، سنگین جرائم کے انسداد اور ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائیں، عدم گرفتار ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے تفتیش کو میرٹ پر یکسو کریں، مقدمات کی تفتیش میں میرٹ اور شفافیت کو ترجیح دیں، ایس ایس پی انویسٹی گیشن گرفتار ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لئے ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے، تمام ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں نبھائیں، فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایس ایس پی انوسٹیگیشن

سی پی او سید خالد ہمدانی نے ڈی ایس پی آفس ٹیکسلا میں کھلی کچہری

افسران کو ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی نے ڈی ایس پی آفس ٹیکسلا میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کیلئے موقع پر احکام